حکومت کرناٹک

انوارِ اُردو

زبانِ سوّم کی درسی کتاب

برائے جماعت ہفتم

ANWAAR-E-URDU

Urdu 3rd Language

7

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru - 560 003

نصابی کمیٹی برائے ہفتم جماعت زبان سوم

☆ ڈاکٹر زبیدہ بیگم — صدر

ایسوسی ایٹ پروفیسر، اُردو، مہارانی آرٹس، کامرس اینڈ مینجمنٹ کالج شیشادری روڈ، بنگلورو۔

☆ محترمہ عفت اسماء — رکن

اسسٹنٹ ٹیچر۔ سرکاری اُردو پرائمری اسکول عرب لین، رچمینڈ ٹاؤن، بنگلورو۔

☆ محترم جناب محمد حسین اطہر — رکن

اُردو ٹیچر۔ سرکاری پی۔ یو، کالج کُدورماگڈی تعلقہ، رام نگر

☆ محترم عبدالعزیز۔ اسسٹنٹ ٹیچر، سرکاری ہائر پرائمری اسکول ڈیودرگ، ضلع رائچور — رکن

☆ محترمہ شاہین بانو، اُردو ٹیچر، سرکاری ہائی اسکول میلنگڈی اُلال، منگلورو دکشن کنڑا۔ — رکن

☆ محترم دادا پیر، ڈرائینگ ٹیچر گورنمنٹ ہائر پرائمری اسکول بیڈپُو، کاپواُڈپی ضلع — مصوّر

ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم، سابق صدر شعبہ اُردو بنگلورو یونیورسٹی بنگلورو۔

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، سابق صدر شعبہ اُردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی میسورو۔

تنقیح کار

ڈاکٹر عبدالرب اُستاد

صدر شعبہ اُردو گلبرگہ یونیورسٹی گلبرگی

صلاح کار

☆ ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈمبٹری تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شریمتی ناگامنی سی
ڈپٹی ڈائرکٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries-integrated knowledge and the joy of learning
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

. G S Mudambadithaya Prof
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

پیش گفتار

یہ نصاب نئی لسانی پالیسی کے تحت کرناٹک بک سوسائٹی کی فراہم کردہ رہنمایانہ ہدایات کی روشنی میں ساتویں جماعت کے ان طلباوطالبات کے لئے مرتب کیا گیا ہے جو زبان سوم کی حیثیت سے اردو زبان پڑھیں گے۔

لہٰذا اس کی ترتیب وتدوین میں اس بات کا پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہے کہ نصاب کو بچوں کی پسند و ناپسند کے مطابق آسان اور دلچسپ بنایا جائے۔ دراصل زبان ترسیل کا ذریعہ ہونے کے ساتھ ساتھ علم وادراک کا پہلا زینہ ہے اور یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ چھ تا سات برس کی عمر تک بچہ بہ آسانی چار زبانیں سیکھ سکتا ہے۔ مادری زبان تو بچہ غوں غاں کے ساتھ سیکھنے لگ جاتا ہے اور دوسری زبانیں سکھانے کا اہتمام اسکول یا مدرسہ میں شروع کیا جاتا ہے، جہاں بچہ بغور سننے بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی شروعات سے کرتا ہے اس سطح پر ان چار مہارتوں کا فروغ بڑی اہمیت کا حامل بھی ہے۔ اگر یہ چار مہارتیں مناسب ومعقول تربیت ونگہداشت کی بنا پر جلا پا جائیں تو خود اعتمادی کے ساتھ آگے بڑھنے میں کوئی چیز مانع نہیں ہوتی اسی لئے تدریس کے اولین مراحل کو دلچسپ، آسان اور بامعنی بنانا از حد ضروری ہے۔

ساتویں جماعت کی اردو کتاب برائے زبان سوم کو دلچسپ مفید وکارآمد بنانے کے لئے جہاں اسباق کو آسان اور عام فہم زبان میں تیار کیا گیا ہے وہیں پاکیزہ ادبی ذوق کی آبیاری کے لئے بچوں کو نامعلوم طریقے سے تیار کرانے کا بیڑہ بھی اٹھایا گیا ہے۔ اردو زبان کا علم محض الفاظ کے معنی جان لینے اور قواعد کے اصولوں کی واقفیت کے اصولوں تک محدود نہیں ہوتا بلکہ ہماری تہذیبی میراث اور مشرقی اقدار کی روح کا ترجمان ہے، اس لئے ہم نے اس بات خیال رکھا ہے کہ بچے میں احترام آدمیت، قومی یگانگت کے ساتھ حب الوطنی کے جذبات پیدا کئے جائیں۔ اس لئے حصہ نظم میں حب الوطنی پر مبنی اور قومی پرندے کی شناخت کرانے کی غرض سے نظمیں شامل ہیں۔ اسی کے ساتھ قدرتی وسائل کی حفاظت کا احساس دلانے کے لئے، گردوپیش کے ماحول کی پاکی صفائی کی اہمیت ذہن نشین کرنے کی غرض سے اور اعلیٰ انسانی اقدار کو بچوں کے دلوں پر ثبت کرنے کی غرض سے شجاعت وسادگی اور قربانی وایثار پر اخلاقی مضامین بھی شامل ہیں۔

اساتذہ سے امید کی جاتی ہے کہ وہ الفاظ کے معنی سمجھانے کے ساتھ ساتھ طلبا کو مشقوں کے ذریعہ اور دہرانے کے عمل سے بھی زبان کے سکھانے کا اہتمام کریں۔

صدر وارا کین نصابی کمیٹی

جماعت ہفتم زبان سوم اُردو

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراماچندرپّا، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو-

مجلسِ نظرثانی

صدر:

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، وظیفہ یاب اُردو پروفیسر، # 89 کے۔یس۔آر۔ٹی۔سی لے آوٹ، بنّی منٹپ، میسورو۔

اراکین:

ڈاکٹر انیس صدیقی، لکچرر، نیشنل پی یو کالج، ہفت گنبد، کلبرگی-585104

محترمہ نورنسیمہ بانو، اُردو معلمہ، بائی فرکیٹڈ مہاراجا گورنمنٹ جونیر کالج نظرآباد، میسورو-570 010

محترمہ نورا سماء، اُردو معلمہ، (ہائی اسکول سکشن) گورنمنٹ جونیر کالج، ملولی، ضلع منڈیا۔

محترمہ یس۔اے سوداگر، معاون معلمہ، گورنمنٹ گرلس اردو ہائر پرائمری اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

محترم اعجاز احمد۔ایم مورب، معاون معلّم، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560 007

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560 094

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروکرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪-೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬-೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭-೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ವಿನ್ಯೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೬೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣಾ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು-೬೫

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

N6Z2J4

مضامین فہرست

شمار	عنوان	مصنف	صنف	صفحہ نمبر
1	بچّوں کی دعا	اختر شیرانیؔ	نظم	1
2	میرا وطن	سعادت نذیر	نظم	4
3	حضرت علیؓ کی بہادری	نصابی کمیٹی	نثر	8
4	پڑوسی کا حق	ماخوذ	نثر	12
5	قومی شاعر کووی مپو	سید شہاب الدین	نثر	15
6	کہنا بڑوں کا مانو	مولانا الطاف حسین حالیؔ	نظم	21
7	احسان کا بدلہ	نصابی کمیٹی	نثر	25
8	شہیدانِ وطن	نصابی کمیٹی	نثر	28
9	بجلی	نصابی کمیٹی	نثر	35
10	جنگل کا مور	حیدر بیابانی	نظم	37
	ذخیرۂ الفاظ	نصابی کمیٹی	-	44
11	ترانۂ ہندی	علامہ اقبالؔ	نظم	48
12	بال ہٹ	ادارہ	نثر	52
13	پیکرِ سادگی	نصابی کمیٹی	نثر	56
14	پیاری پیاری باتیں	وقار خلیل	نظم	60
15	مساوات	نصابی کمیٹی	نثر	63
16	جانوروں کا جلسہ	شاکرہ بیگم صباء	نظم	66
17	قومی شخصیت سرسید احمد خان	نصابی کمیٹی	نثر	69
18	شہرِ میسور	نیلوفر نایابؔ	نظم	74
19	ہم ایک رہیں گے	نصابی کمیٹی	نظم	79
20	ماحول کی حفاظت	نصابی کمیٹی	نثر	82
	ذخیرۂ الفاظ	نصابی کمیٹی		86

NOT TO BE REPUBLISHED © DKTBS

M2M6E3

سبق:1

بچّوں کی دُعا

بچّوں کو خدا کی صفات سے واقف کرانا



یارب یہی دعا ہے تجھ سے سدا ہماری
ہمت بڑھا ہماری ، قسمت بنا ہماری

تعلیم میں کچھ ایسی، ہم سب کریں ترقی
غیروں کی انتہا ہی ، ہو ابتداء ہماری

نفرت برائی سے ہو، الفت بھلائی سے ہو
رغبت صفائی سے ہو، یہ ہے دعا ہماری

تیرے کرم کا سایا، ہر دم ہو سر پہ چھایا
تیری مدد خدایا ، ہو رہنما ہماری

ہر علم کے خزانے ، پائیں نئے پرانے
اس طرح سے ٹھکانے ،محنت لگا ہماری

پڑھ لکھ کے نام پائیں ، کچھ کام کر دکھائیں
تیرے حضور میں ہے ، یہ التجا ہماری

اختر شیرانی

© KTB NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

دعا = خدا سے مانگنا ، التجا کرنا

یارب = اے اللہ ، اے پروردگار

سدا = ہردم ، ہمیشہ

ہمت = ارادہ ،عزم، توفیق

قسمت = تقدیر ، نصیب، مقدر

تعلیم = سکھانا ، بتانا،تربیت

ترقی = اضافہ،بلندی

غیر = اجنبی ، بےگانہ

انتہاء = اخیر،انجام

نفرت = ناگواری ، بیزارگی

الفت = پیار،محبت،دوستی

رغبت = شوق،چاؤ

کرم = عنایت،مہربانی

رہ نما = راستہ دکھانے والا

خزانے = مال ودولت کے ذخیرے

II: ان سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) بچّے خدائے تعالیٰ سے کیا دعاء مانگ رہے ہیں ؟

۲) تعلیم میں بچّے کیسی ترقی کی دعا کر رہے ہیں؟

۳) بچّے کن سے رغبت اور کن چیزوں سے الفت کی تمنا دل میں رکھتے ہیں؟

۴) بچّے اپنی دعاؤں میں کس کے کرم کا سایہ چاہتے ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۵) بچّے کس کی رہ نمائی کی دعا کرتے ہیں؟

۶) بچّے اپنی محنت کا ثمر کس صورت میں حاصل کرنے کے آرزومند ہیں ؟

III: مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھئے۔

ترقی ، نفرت ، الفت ، رغبت، کرم ، علم ، خزانہ ، پرانا ، التجا

IV: ان الفاظ کی مشق کیجئے۔

خزانے، پرانے، ٹھکانے، صفائی، بھلائی

V: ہر شعر کا دوسرا مصرع لکھ کر شعر مُکمّل کیجئے۔

۱) تعلیم میں، کچھ ایسی ، ہم سب کریں ترقی

.....

۲) تیرے کرم کا سایا، ہر دم ہو سر پہ چھایا

.....

دعا

دعا اس نظم کو کہتے ہیں جس میں خدائے تعالیٰ کی حمد و ثنا کے ساتھ اس سے رحم و کرم اور حفظ و امان کی التجا کی جاتی ہے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:2

میرا وطن



جذبۂ حُب الوطنی کو پیدا کرنا



زمین آسمان میں غرض کہ دو جہان میں
میرا وطن حسین ہے
گلوں کی سر زمین ہے

ہر ایک پھول ہے حسین نظر فریب ، دل نشین
فضا ہے کیف آفریں یہاں کہیں ، خزاں نہیں
کہیں پہ آبشار ہے کہیں پہ ، جوئے بار ہے
کہیں پہ سبزہ زار ہے چمن چمن ، بہار ہے
میرا وطن حسین ہے
گلوں کی سر زمین ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وفا کا پاسبان ہے کہ قائل ، ایک جہان ہے
عجیب اس کی شان ہے انوکھی ، آن بان ہے
سلامت اس کا بانکپن سلامت اس کی انجمن
نثار اس پہ جان وتن شگفتہ اس کا ہر چمن
میرا وطن حسین ہے
گلوں کی سر زمین ہے

سعادت نظیر

I: پڑھئے اور سمجھئے:

گلوں = پھولوں
حسین = خوبصورت
قائل = ماننے والا
فضا = بہار، رونق
نظرفریب = نظر کو دھوکہ دینے والا
سبزہ زار = چمن
آفریں = شاباش، مبارکباد۔ واہ واہ
خزاں = پت جھڑ، وہ موسم جس میں پتے گر جاتے ہیں
جوئے بار = ندی، نہر، جُو
چمن = باغ، گلزار
آبشار = جھرنا، اونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی
کیف = نشہ، خمار
وفا = نباہ، ساتھ دینا
پاسبان = رکھوالا، نگہبان
دِل نشین = دل پر اثر کرنیوالا، دِل میں بیٹھنے والا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عجیب = نرالا، قابل تعریف، حیرت انگیز

انوکھی = نادر، نرالی، سب سے الگ

بانکپن = پیارا انداز، البیلا پن

سلامت = محفوظ، صحیح، تندرست

انجمن = محفل، کمیٹی، مجلس

نثار = صدقے، قربان

شگفتہ = کھلا ہوا، خوش، مسرور، شاد ماں

سرزمین = خطّہ، ملک، زمین کی سطح

جان وتن = جسم وجان

II: ان سوالات کے جواب لکھئے:

۱) وطن کیسا ہے؟

۲) وطن کی سرزمین میں کیا کیا ہے؟

۳) بہار کہاں چھائی ہوئی ہے؟

۴) وطن کی کیا خوبیاں ہیں؟

III: ہم وزن الفاظ کی زبانی مشق کیجئے:

حسین : زمین

آبشار : جوئے بار

بانکپن : انجمن

تن : من

شان : بان

پاسبان: جہان

IV: دوسرا مصرع لکھ کر اشعار مکمل کیجئے:

فضا ہے کیف آفرین .....

کہیں پہ آبشار ہے .....

وفا کا پاسبان ہے .....

عجیب اس کی شان ہے .....

نثار اس پہ جان وتن .....

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

V: حروف کو جوڑ کر مکمل لفظ لکھئے۔

مثال: ۱) زم ی ن (زمین)

۲) آ س م ان

۳) ج ہ ان

۴) ف ض ا

۵) پ اس ب ان

۶) ان ج م ن

۷) ب ان ک پ ن

۸) خ زاں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VII: مذکر اور مونث الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔

شان ، جہاں، وطن، حُسن

سرزمین، آبشار، انجمن، پاسبان

اس جملے کو غور سے پڑھئے۔

''سعادت نظیر کو اپنے وطن کے دریا آبشار، پہاڑ اور باغ بہت پسند ہیں''۔

قواعد میں کسی شخص، جگہ، جاندار یا کسی چیز کے نام کو ''اسم'' کہتے ہیں۔

اسم کی تعریف کے اعتبار سے اوپر دیئے گئے جملے میں ''اسم'' کی شناخت کیجئے۔

☆☆☆

سبق:3

شیرِ خدا حضرت علیؓ کی بہادری

جذبۂ شجاعت کو سمجھنے کی صلاحیت کو فروغ دینا

استانی: بچو ! آج ہم حضرت علیؓ کے بارے میں کچھ جانیں گے۔
خالد بتاؤ حضرت علیؓ کے متعلق تم کیا جانتے ہو؟

خالد: حضرت علیؓ شیرِ خدا کہلاتے ہیں۔

استانی: اچھا وہ کیوں۔تم نے کہاں پڑھا' یا سُنا؟

خالد: جی میرے ابو نے بتایا کہ حضرت علیؓ کو ہمارے پیارے حضورؐ نے اسداللہ الغالب کہا۔ یعنی اللہ کا شیر جو غالب آتا ہے۔

استانی: واہ بہت خوب۔اور کیا جانتے ہو؟ اچھا اور کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔ ہُما تم بتاؤ؟

ہُما: جی میڈم ! ہماری ممّی نے پڑھاتے وقت شیرِ خدا کا ایک واقعہ سنایا تھا۔وہ سناؤں؟

استانی: جی جی ! ہم بھی سنیں گے وہ واقعہ کیا تھا۔

ہُما: جی میڈم ! جب خیبر کی جنگ ہو رہی تھی تو خیبر کے سپاہی قلعہ کا دروازہ بند کر کے مسلمان فوج پر حملے کر رہے تھے۔اس قلعہ کا دروازہ فولادی تھا اور بہت وزنی بھی۔اس دروازے کی حفاظت پر ایک مشہور پہلوان تعینات تھا جس کا نام مرحب تھا۔مرحب اس قدر جنگجو اور قوی تھا کہ اس کی ٹکر لینے سے ہر کوئی ڈرتا تھا۔
ہمارے حضورؐ نے حضرت علیؓ کو حکم دیا ''علیؓ تم جاؤ اور مرحب سے مقابلہ کر کے وہ فولادی دروازہ اُکھاڑ دو۔'' شیرِ خدا حضرت علیؓ آقا کے حکم کی اطاعت میں آگے بڑھے اور مرحب سے مُخاطب ہو کر فرمایا ''اے مرحب ہم تمھیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں۔تم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

امن اور سلامتی میں آ جاؤ۔ ہم تمھیں مارنے یا ستانے کی نیت سے نہیں آئے'' مگر مرحب اپنے زعم میں شیر خدا اور آپؑ کی فوج کا مذاق اُڑانے لگا اور حضرت علیؓ کو للکارنے لگا۔ تب شیر خدا نے مرحب سے مقابلہ کر کے ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کر دیا اور آگے بڑھ کر اس فولادی دروازے کو ایسی آسانی سے اُکھاڑ پھینکا کہ سب دنگ رہ گئے۔

استانی: واہ۔ بہت خوب۔ آپ نے اپنی امّی سے بہت اچھّا سیکھا ہے اور یہ واقعہ سنا کر ہمیں خوش کر دیا ہے۔ اچھّا کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ فولادی دروازہ کتنا وزنی تھا؟

فیروز: جی میڈیم میں نے سنا کہ وہ دروازہ چالیس آدمیوں سے بھی اُٹھایا نہیں گیا۔ مگر اسے شیرِ خدا نے اکیلے ہی اُکھاڑ پھینکا تھا۔

استانی: واہ بھئی آپ نے کہاں سُنا؟

فیروز: جی میں نے اپنے بھیّا سے سنا۔

استانی: چلو بچو آج کے لئے بس اتنا ہی کافی ہے۔ کل کوئی اور واقعہ یا سبق پڑھیں گے۔

نصابی کمیٹی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے:

خیبر = حجاز کے ایک قلعہ کا نام جسے حضرت علیؓ نے فتح کیا تھا۔

قلعہ = وہ محفوظ اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ، حاکم یا فوج رہتی ہے۔

فولادی = لوہے کا بنا ہوا، بہت مضبوط

مرحب = ایک مشہور پہلوان جو خیبر کے قلعہ پر تعینات تھا۔

لشکر = فوج، چھاؤنی، کیمپ

زعم = غرور، ظن

تعینات = تقرر، نوکری

II: ان سوالوں کے جواب بتایئے اور لکھئے۔

۱) حضورؐ نے حضرت علیؓ کو کیا لقب عطا کیا ہے؟

۲) خیبر کے سپاہی کس پر حملہ کر رہے تھے؟

۳) قلعہ کا دروازہ کیسا تھا؟

۴) مرحب کون تھا؟

۵) آپؐ نے حضرت علیؓ کو کیا حکم دیا؟

۶) حضرت علیؓ نے مرحب سے مخاطب ہو کر کیا کہا؟

۷) قلعہ کے دروازے کا وزن کتنا تھا؟

III: ان جملوں کو دو دو بار لکھئے:

۱) حضرت علیؓ شیر خدا کہلاتے ہیں۔

۲) حضرت علیؓ کو آپؐ نے اسد اللہ الغالب کہا۔

۳) قلعہ کا دروازہ فولادی اور وزنی تھا۔

۴) مرحب جنگجو اور قوی تھا۔

۵) ''اے مرحب ہم تمھیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں''۔ تم امن اور سلامتی میں آ جاؤ''۔

IV: ان کی ضد بتایئے:

جنگ	وزنی	بہادُر
قوی	اطاعت	خوش

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V: کالم 'الف' اور کالم 'ب' میں مناسب جوڑ لگائیے:

'الف'		'ب'
۱۔	حضرت علیؓ	(i) چالیس آدمیوں سے بھی اُٹھایا نہیں گیا۔
۲۔	مرحب	(ii) شیرِ خدا
۳۔	اسداللہ الغالب	(iii) ایک مشہور پہلوان
۴۔	خیبر کے سپاہی	(iv) حضرت علیؓ کا لقب ہے۔
۵۔	قلعہ کا دروازہ	(v) قلعہ کا دروازہ بند کر کے مسلمان فوج پر حملے کر رہے تھے۔

ایک سے زائد لفظوں کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر صبح وشام، شب وروز، شیرِ خدا حکمِ الٰہی، دَرۂ خیبر، کوہِ ہمالہ وغیرہ وغیرہ۔ کبھی مرکبات کو ''و'' کے جوڑ سے بنایا جاتا ہے تو کبھی مرکبات ''زیر'' کی اضافت سے بنتے ہیں۔ ہم نے یہاں حضرت علیؓ کے لقب شیرِ خدا میں دیکھا کہ یہ مرکب ''زیر'' کی اضافت سے بنا ہے۔

لقب کسی شخص کے اس نام کو کہا جاتا ہے، جو شہرت یا حقارت کی بنا پر پڑ جاتا ہے۔

☆☆☆

© PCTB NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:4

پڑوسی کا حق

عدم تشدّد کے جذبہ کی قدر کرنا اور اس پر پابند رہنے کی تلقین کرنا

جیلان نامی قصبے میں ایک پاک طینت پرہیز گار بزرگ ہوا کرتے تھے جن کا نام شیخ عبدالقادر جیلانیؒ تھا۔ شیخ عبدالقادرؒ کا سارا وقت یا تو عبادت و ریاضت میں صرف ہوتا یا مطالعہ اور اسی طرح کی نیک مشغولیات میں۔ آپ کے پڑوس میں ایک شخص ہر دم آپ کو تنگ کرنے کے درپے ہوا کرتا اور ہر وقت موسیقی کے شور و شغب سے آپ کی عبادت میں خلل ڈالنے کی کوشش کرتا تھا۔ مگر شیخ عبدالقادرؒ ان ہستیوں میں سے تھے، جنہیں کسی بھی طور سے راہ ہدایت سے ہٹایا نہیں جا سکتا تھا۔ پڑوسی اپنے شغل میں مصروف تو شیخ صاحب اپنی عبادت میں غرق تھے۔ اچانک پڑوسی کے گھر سے گانے بجانے کی آوازیں آنی بند ہو گئیں۔ شیخ صاحب فکر مند ہوئے کہ بات کیا ہے؟ آپ نے پاس پڑوس میں دریافت کیا تو پتہ چلا کہ کسی بات پر ان کے پڑوسی کو پولیس پکڑ لے گئی ہے۔ فوراً آپ تھانے گئے اور حاکم سے درخواست کی ''اگر میرے پڑوسی کو جرمانے کی ادائیگی سے معاف کیا جا سکتا ہے تو آپ مجھے جرمانہ ادا کرنے کی اجازت دیں۔'' لہٰذا حاکم نے اس کے کاغذات طلب کئے، جانچ کی اور شیخ صاحب کی درخواست کو قبول کرتے ہوئے پڑوسی کو رہا کر دیا۔

شیخ عبدالقادرؒ کے حسنِ سلوک کا ان کے پڑوسی کے دل پر کچھ ایسا اثر ہوا کہ وہ اپنی پچھلی حرکتوں پر بے حد شرمندہ ہوا، معافی مانگی اور آئندہ اس قسم کی حرکات سے باز رہنے کا عہد کرتے ہوئے توبہ کر لی۔

ماخوذ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے:

شوروشغب = ہنگامہ

ریاضت = محنت، مشقّت

طینت = اصل، خصلت، سرشت

خلل = بگاڑ، فتور، رخنہ ڈالنا

شغل = کام، پیشہ

غرق = ڈوبا ہوا

جانچ = پرکھنا، پڑتال، اندازہ لگانا

جرمانہ = وہ روپیہ جو کسی جرم یا غلطی کی پاداش میں وصول کیا جائے، ڈنڈ، مالی سزا

بری = آزاد، چھُوٹا ہوا

حسن سلوک = اچھا برتاؤ، اچھا رویّہ

II: مثال کے مطابق جوڑیئے:

جیلان	شرمندہ
شیخ صاحب	قصبہ کا نام
پڑوسی	حسن سلوک
موسیقی	تھانہ
پولیس	شوروشغب

III: ان کہاوتوں کو دو دو بار لکھئے:

۱) ''تندرستی ہزار نعمت ہے''۔

۲) ''کر بھلا ہوگا بھلا''۔

۳) ''سو یا سوکھو یا''۔

IV: درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے:

۱) شیخ عبدالقادرؒ کا سارا وقت کس طرح گذرتا تھا؟

۲) شیخ عبدالقادرؒ کا پڑوسی کس طرح خلل اندازی کرتا تھا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۳) شیخ عبدالقادرؒ کیوں فکرمند ہوئے؟

۴) پاس پڑوس سے دریافت کرنے پر شیخ عبدالقادرؒ کو کیا پتہ چلا؟

۵) تھانے میں حاکم سے شیخ عبدالقادرؒ نے کیا درخواست کی؟

۶) شیخ عبدالقادرؒ نے پڑوسی کو کس طرح پولیس سے رہا کروایا؟

۷) پڑوسی پر کس بات کا گہرا اثر ہُوا؟

۸) پولیس سے رہا ہوکر پڑوسی نے کیا کیا؟

V: صحیح حروف کی مدد سے ان الفاظ کو مکمل کیجئے۔

۱) پڑو---------- = (صی۔سی)

۲) ----------کم = (حا۔ہا)

۳) در----------ست = (خوا۔قوا)

۴) ----------لب = (تا۔طا)

۵) شیخ----------حب = (سا۔صا)

VI: حروف کو صحیح طور سے ملا کر مکمل لفظ لکھئے۔

۱) ط ب ی ع ت = ---------- ۲) غ ر ق = ----------

۳) م ش غ و ل = ---------- ۴) ر ی ا ض ت = ----------

۵) ہ د ا ی ت = ---------- ۶) م س ت = ----------


VII: درج ذیل الفاظ کی ضد لکھئے۔

نفع، نیک، پاک، تنگ، شور

اس سبق میں 'و' کے جوڑ سے بنائے گئے کسی دو مرکبات کو اپنی بیاض میں لکھئے۔

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



سبق:5

قومی شاعر- کوویمپو

21 مئی 1968ء کا دن سارے کرناٹک کے عوام کے لئے نہایت خوشی ومسرت کا دن تھا۔ اسی دن ہندوستان کے سب سے بڑے ادبی انعام کا اہتمام کرنے والے ادارے کی سربراہ شریمتی رماجین نے بذریعہ تار شری کوویمپو کو یہ اطلاع دی کہ آپ کی عظیم تصنیف 'شری رامایناد رشنم' گیان پیٹھ انعام کے لئے چن لی گئی ہے۔ یہ خبر آن کی آن میں سارے کرناٹک میں پھیل گئی اور کروڑوں کنڑ بولنے والے لوگوں کے سینے فخر سے تن گئے کہ کنڑ ادب کو ملکی سطح پر تسلیم کرلیا گیا ہے۔

شری کوویمپو کا پورا نام کپّلی وینکٹپا پٹپا ہے۔ آپ کے والد کا نام وینکٹپا گوڈا اور والدہ کا نام سیتمّا ہے۔ ضلع شیوا موگا کے ایک چھوٹے سے قریے 'ہری کو ڈاگو' میں 29 ۔دسمبر 1904ء کو آپ کی پیدائش ہوئی۔ یہ قریہ ننھیالی تھا۔ آپ کے والد ایک نہایت بھولے بھالے انسان تھے۔ البتہ ان کے چچا رامنّا گوڈا نہایت تیز وطرار اور لین دین کے ماہر تھے۔ یہی سارے گھر کا بوجھ اٹھاتے تھے۔

کوویمپو کی ابتدائی تعلیم ان کے آبائی گاؤں تیرتھی ہلّی میں ہوئی۔ اس دور میں چونکہ گاؤں میں اسکول نہیں ہوا کرتے تھے، اس لئے ابتدائی تعلیم گھروں پر ہی دی جاتی تھی 1919ء میں آپ لوئر سکنڈری کے امتحان میں کامیاب ہوئے تو اعلیٰ تعلیم کے لئے شہر میسور پہنچے یہاں آپ کا داخلہ ولیزلین ہائی اسکول میں ہوا۔ اس دَور میں شری کوویمپو کو انگریزی ادب سے گہرا لگاؤ پیدا

NOT TO BE REPUBLISHED © KSEEB

ہوگیا۔اس دوران آپ نے بیشتر مشہور انگریز شعراء کے کلام کا گہرا مطالعہ کیا۔آپ کے پسندیدہ موضوع انگریزی ادب اور فلسفہ تھے۔

ہائی اسکول کی تعلیم سے فراغت کے بعد آپ نے مہاراجہ کالج سے بی۔اے کیا پھر گھر کی ذمہ داری سر پر آن پڑی،اس لئے وطن کا رخ کیا اور مزید تعلیم کا ارادہ ترک کر دیا۔اسی دوران ان کے ایک استاد کے اصرار پر اعلیٰ تعلیم کے لئے میسور واپس آئے۔اسی سال میسور یونورسٹی میں ایم۔اے کنڑ کا آغاز ہوا تھا۔اس طرح آپ نے 1929ء میں ایم اے کنڑ میں کامیابی حاصل کی۔

اس وقت اگر آپ چاہتے تو بہ آسانی ڈپٹی کمشنر کا عہدہ حاصل کر سکتے تھے،مگر آپ کو وطن عزیز کا خوشگوار فطری ماحول ، اونچی اونچی پہاڑیاں ،سرسبز و شاداب جنگلات، چاول کے کھیت، کافی کے باغات اور خوبصورت نہریں بلا رہی تھیں۔ یہی مناظر آپ کو فطری شاعر بنانے میں زبردست کردار ادا کرتے ہیں۔

کوویمپو کو انگریزی ادب سے بڑا شغف تھا۔چنانچہ انہوں نے اپنی شاعری کا آغاز بھی انگریزی نظموں سے کرتے ہوئے ایک مجموعہ کلام ''دی بیگینرس میوز'' The Beginner's muse کے نام سے 1922ء میں شائع کیا۔میسور آنے والے انگریز شعراء کی خدمت میں شری کوویمپو نے اپنی نظمیں پیش کیں مگر انہوں نے آپ کی ہمت افزائی نہیں کی۔آئرلینڈ کے انگریز شاعر نے آپ کی ہمت افزائی کرتے ہوئے کہا کہ آپ میں یہ فطری صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہے۔بہتر ہوگا کہ آپ اپنی مادری زبان میں شاعری کریں کیوں کہ کسی بھی زبان کا ادبی شہ پارہ ترجمہ ہونے کے بعد دنیا پر راج کر سکتا ہے جیسا کہ آج ہندوستان کے شاعر رابندر ناتھ ٹیگور کا کلام ساری دنیا پر چھایا ہوا ہے۔ کوویمپو کو یہ مشورہ پسند آیا۔انہوں نے اپنی پہلی کنڑ نظم 'ہُو وُ' یعنی پھول کے نام سے لکھی۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

اس کے بعد گیتوں اور نظموں کا ایک مجموعہ ''پشپا گیتے'' کے نام سے شائع ہوا۔ اِن کا پہلا شعری مجموعہ 'کولالو' تھا، جو 1930ء میں شائع ہوا۔ 1949ء میں ''شری رامائن درشنم'' کی پہلی اشاعت ہوئی۔ 1955ء میں مرکزی ساہتیہ اکاڈمی کے اعزاز سے نوازا گیا۔ پھر 1988ء میں آپ کو پدم وبھوشن کا خطاب ملا۔

کوویمپو نہ صرف شاعر تھے بلکہ بے مثال ادیب بھی تھے۔ انہوں نے چھوٹی چھوٹی کہانیاں، ناول، افسانے اور ڈرامے لکھے جس میں کچھ منظوم بھی ہیں اور کچھ نثری بھی۔ انہوں نے کنڈرا جوگی نام کا ڈرامہ بچوں کے لئے لکھا، جو کافی مشہور ہوا۔ آپ کے ناول پرٹی۔ وی سیریل بھی بنے۔ ''جلگارا'' آپ کا مشہور ڈرامہ ہے۔ آپ نے اپنے کلام میں ایک اچھوتا تصور پیش کیا 'وشوامانوا' یعنی 'آفاقی انسان'۔ وشوامانوا یا آفاقی انسان سے مراد یہ ہے کہ ساری دنیا کے انسان ایک ہیں۔ ان کے درمیان رنگ ونسل یا ذات پات کا فرق نہیں ہونا چاہئے۔ چونکہ انہیں سماج میں کافی بھید بھاؤ اور ذات پات کی تفریق کا سامنا کرنا پڑا تھا، اس کے ردعمل کے طور پر انہوں نے وشوامانوا کا نظریہ پیش کیا، جس کی بنا پر انہیں عالمی معیار کے شاعر کہلانے کا شرف حاصل ہوا۔ کوویمپو کی تصانیف کی تعداد ستر سے زائد ہے۔

کوویمپو کو ان کی بے مثال ادبی خدمات کے علاوہ جو اعزازات اور خطابات ملے وہ مختصراً یوں ہیں:

☆ کئی ایک کنڑ کانفرنسوں اور مشاعروں کی صدارت، ساہتیہ اکاڈمی کا انعام، میسور یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری۔

☆ میسور یونیورسٹی کے وائس چانسلر، مرکزی حکومت سے پدم بھوشن، حکومت میسور کی جانب سے پدم بھوشن، حکومت میسور کی جانب سے قومی شاعر کا خطاب، بنگلور یونیورسٹی اور کوویمپو یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری، حکومت کرناٹک سے کرناٹک رتن کا اعزاز، حکومت کرناٹک کی جانب سے پمپا انعام وغیرہ۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کوویمپو کا انتقال نوے سال کی عمر میں 10 نومبر 1994ء کو میسور میں ہوا۔ اہل خاندان کی خواہش کے مطابق ان کے آبائی وطن کپلی میں ان کی تدفین ہوئی۔

سید شہاب الدین

I۔ پڑھئے اور سمجھئے:

تیز وطرار	:	نہایت عقلمند اور چالاک
لین دین	:	کاروبار، تجارت
قیادت	:	سربراہی، لیڈرشپ
شہ پارہ	:	اعلیٰ درجہ کا ادب
شغف	:	دلچسپی
بدرجۂ اتم	:	مکمل، بھرپور
پدم بھوشن	:	سرکاری خطاب
اچھوتا	:	انوکھا
ڈاکٹریٹ کی ڈگری	:	یونیورسٹی سے عطا کی گئی اعلیٰ سند
ننھیال	:	نانی کا گاؤں
سرسبز وشاداب	:	ہرے بھرے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II۔ (الف): درج ذیل سوالات کے جواب ایک ایک جملہ میں لکھیں:

۱) کوویمپو کا پورا نام کیا ہے؟

۲) کوویمپو کے والدین کے نام لکھئے۔

۳) کوویمپو کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

۴) کوویمپو کی پہلی تصنیف کا نام بتایئے۔

۵) کوویمپو نے یم۔اے میں کب کامیابی حاصل کی؟

(ب): درج ذیل سوالات کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے:

۱) کوویمپو نے لوئر سکنڈری کا امتحان کہاں دیا؟

۲) کوویمپو کا یم۔اے میں داخلے کا سبب کیا تھا؟

۳) کوویمپو کی کونسی تصنیف گیان پیٹھ ایوارڈ کے لئے چنی گئی؟

۴) کوویمپو کی چند ایک تصانیف کے نام بتایئے۔

۵) سماج نے کوویمپو کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟

III. ان الفاظ کی ضد لکھئے:

تیز وطرار، لگاؤ، اعلیٰ، آغاز، خوشگوار، سرسبز

IV۔ الفاظ ذیل میں مذکر و مونث علیحدہ کیجئے:

مسرت، لگاؤ، تصنیف، لین دین، داخلہ، فلسفہ، وطن،

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V۔ ان محاوروں کے معنی جانئے:

سینہ فخر سے تن جانا، گھر کا بوجھ اٹھانا، لگاؤ پیدا ہونا،
کردار ادا کرنا، ہمت افزائی کرنا۔

VII۔ الف اور ب میں جوڑ لگایئے:

الف	ب
۱) گیان پیٹھ انعام	a) وینکٹپا پٹپا
۲) پشپا گیتے	b) مشہور ڈراما
۳) جلگارا	c) کوئمپو کا خطاب
۴) پدم بھوشن	d) نظموں کا مجموعہ
۵) کنّیّ	e) شری راما یناد رشنم

نوٹ: کنڑ زبان کے دیگر ادیب جنہیں گیان پیٹھ انعام حاصل ہوئے ہیں، اُن کے بارے میں اپنے استاد سے معلومات حاصل کریں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

S5D4K3

سبق:6

کہنا بڑوں کا مانو

جذبۂ احترام کی صلاحیت کو فروغ دینا



NOT TO BE REPUBLISHED

اے بھولے بھالے بچّو! نادانو! ناتوانو
سر پر بڑوں کا سایہ، سایہ خدا کا جانو

حکم ان کا ماننے میں، برکت ہے اپنی جانو
چاہو اگر بڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

ماں باپ اور استاد، سب ہیں خدا کی رحمت
ہے روک ٹوک ان کی، حق میں تمہارے نعمت

کڑوی نصیحتوں میں ان کی بھرا ہے امرت
چاہو اگر بڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

ماں باپ کا عزیزو ! مانا نہ جس نے کہنا
دشوار ہے جہاں میں عزت سے اس کا رہنا

ڈر ہے پڑے نہ صدمہ، ذلت کا اس کو سہنا
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو

سیکھو گے علم و حکمت، ان کی نصیحتوں سے
پاؤگے مال و دولت ان کی ہدایتوں سے

پھولوگے اور پھلوگے، ان کی ملامتوں سے
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو

تم کو خبر نہیں کچھ، اپنے بھلے برے کی
جتنی ہے عمر چھوٹی، اتنی ہی عقل چھوٹی

ہاں بہتری اسی میں، جو ہے بڑوں کی مرضی
چاہو اگر بڑائی، کہنا بڑوں کا مانو

مولانا الطاف حسین حالی



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

سایہ = پرچھائیں، چھاؤں
نادان = ناسمجھ
رحمت = کرم، مہربانی
نعمت = مال و دولت، بخشش
امرت = زندگی بخشنے والی چیز، شیریں

عزیز = پیارا،محبوب،رشتہ دار

عزّت = آبرو

دشوار = مشکل،کٹھن

صدمے = دھکّا،تکلیف،رنج

ذلّت = رسوائی،توہین

حکمت = دانائی،عقل

ہدایت = رہنمائی،رہبری

ملامت = ڈانٹ ڈپٹ

ناتواں = کمزور،نحیف

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱) کس کے سایہ کو خدا کا سایہ کہا گیا ہے ؟

۲) بڑائی حاصل کرنے کے لئے کیا کرنا چاہئے؟

۳) شاعر نے خدا کی رحمت کسے بتایا ہے؟

۴) کڑوی نصیحتوں میں کیا بھرا ہوا ہے؟

۵) کس کی نافرمانی جہاں میں عزت سے نہیں رہنے دیتی؟

۶) شاعر کس کی عمر اور عقل کو چھوٹی کہہ رہا ہے؟

III: ان الفاظ کو دو دو بار لکھئے۔

بھولے بھالے　　روک ٹوک

ماں باپ　　مال و دولت

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: پہلا مصرع پڑھ کر بچوں کو سنایئے اور اُن سے دوسرا مصرع کہلوایئے۔

اے بھولے بھالے بچو ! نادانو ! ناتوانو

ماں باپ اور استاد، سب ہیں خدا کی رحمت

سیکھو گے علم و حکمت، ان کی نصیحتوں سے

تم کو خبر نہیں کچھ، اپنے بھلے برے کی

V: مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع بنایئے۔

حکم، برکت، استاد، حق، علم

VI: ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

نادان ، ناتوان، برکت، رحمت، حق

امرت، بڑائی، عقل، بہتری، کڑوا

مسدس حالی کے نعتیہ اشعار بچوں سے پڑھوایئے۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:7

C9L2P8

احسان کا بدلہ

احسان کی قدر کرنا، احسان کے جذبہ کو سمجھنے کی صلاحیت کو اُبھارنا۔



NOT TO BE REPUBLISHED

جنگل میں ایک شیر جا رہا تھا۔ شکار کے لئے کوئی جانور نہ ملا تو شیر پر جھنجھلاہٹ طاری ہونے لگی۔ اچانک ایک جھاڑی سے چوہا باہر نکل آیا۔ شیر نے چوہے کو جھپٹ کر پکڑ لیا۔ چوہے نے فریاد کی!

''جہاں پناہ آپ تو جنگل کے راجا ہیں، مانتا ہوں کہ اس وقت بھوک سے آپ کا بُرا حال ہے مگر ذرا سوچئے مجھے کھانے سے کیا آپ کی بھوک مٹے گی، جناب کہاں میرا ننھا سا وجود اور کہاں آپ کا الاؤ جیسا پیٹ لہٰذا مجھ پر رحم کیجئے، مجھے آزاد کر دیجئے۔ ہاں اگر آپ نے مجھے آج جانے دیا تو میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ وقت پڑنے پر میں ضرور آپ کی مدد کرونگا۔''

چوہے کی بات سُن کر شیر نے سوچا اس کی باتوں میں دم ہے۔ اگر میں اس کو کھا بھی لوں تو ''اونٹ کے منہ میں زیرہ والی مثال ہوگی''۔ پھر شیر نے چوہے سے کہا:

''جا تجھے میں نے آزاد کیا۔ تو بھی کیا یاد کرے گا''

کچھ دن بعد ایک شکاری نے شیر کو اپنے جال میں پھانس لیا۔ وہ اِسے کسی چڑیا گھر لے جا کر بڑے سے پنجرے میں رکھنا چاہتا تھا، اچانک اُس چوہے کا گذر وہاں سے ہوا تو اس نے شیر کو جال میں پھنسا ہوا

دیکھا جو بے بسی کے عالم میں ہاتھ پاؤں مار رہا تھا۔ چوہے کو اپنا وعدہ یاد آ گیا وہ شیر کے جال کو کترنے لگا۔ رات بھر چوہا جال کترتا رہا اور اُس نے شیر کو جال سے نجات دلا دی۔



پیارے بچو! شیر کو جنگل میں پوری آزادی ہے کہ وہ جس کسی جانور کا چاہے شکار کرے اور اپنا نوالا بنا لے۔ اس نے چوہے کو پکڑنے کے بعد اُسے آزاد کر کے احسان کیا اور چوہے نے احسان کی قدر کی اور شیر کی مشکل وقت کام آیا۔ اسی طرح ہر ایک کو احسان کا بدلہ احسان سے چکانا چاہئے۔

''ھل جزاء الاحسان الاحسان''

نصابی کمیٹی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: اِن الفاظ کو پڑھئے اور یاد رکھئے۔

شکار	جھنجھلاہٹ	جھاڑی	ننھا
وجود	رحم	نجات	زیرہ
بے بسی	ہاتھ پاؤں	نوالا	احسان

الاؤ
پھنسا
آڑے وقت

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱) جنگل میں کون جا رہا تھا؟

۲) شیر کیوں جھنجھلا اُٹھا؟

۳) اچانک جھاڑی سے کون باہر نکلا؟

۴) کس نے چوہے کو جھپٹ کر پکڑ لیا؟

۵) چوہے نے شیر سے کیا وعدہ کیا؟

۶) شیر چوہے کی باتیں سن کر کیا سوچنے لگا؟

۷) شیر نے چوہے سے کیا کہا؟

۸) کس نے شیر کو جال میں پھانس لیا؟

۹) شکاری شیر کو کہاں رکھنا چاہتا تھا؟

III: جملوں کو دہرایئے۔

۱) ''جہاں پناہ آپ تو جنگل کے راجا ہیں''۔

۲) ''وقت پڑنے پر میں ضرور آپ کی مدد کرونگا''۔

۳) ''احسان کا بدلہ احسان سے چکانا چاہئے''۔

III: جوڑ لگایئے۔

۱)	جنگل کا راجا	شکار
۲)	شکاری	چوہا
۳)	جال	شیر

IV: ان محاوروں کو لکھنے کی مشق کیجئے۔

''ہاتھ پاؤں مارنا'' ''نوالا بنانا''

''الاؤ جیسا پیٹ'' ''آڑے وقت کام آنا''

''وعدہ پورا کرنا''

V: درجِ ذیل جانداروں کے مذکر و مونث ذہن نشین کیجئے۔

مذکر	: مونث	مذکر	: مونث	مذکر	: مونث
شیر	: شیرنی	چوہا	: چوہیا	راجا	: رانی
درزی	: درزن	دھوبی	: دھوبن	چڑا	: چڑیا

عملی کام:

آپ نے اپنے استاد یا بزرگوں سے ایسے کئی فقرے سنے ہوں گے جنہیں لفظی معنوں کی بجائے مرادی یا مجازی معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ انہیں محاورے کہتے ہیں۔

مثلاً: آڑے وقت میں کام آنا ، نوالا بنانا۔

اس طرح روزانہ معمولات میں استعمال ہونے والے کوئی چار محاورے استاد سے معلوم کر کے بیاض میں لکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:8

شہیدانِ وطن

W8V7W3

حب الوطنی کے جذبہ کو اُبھارنا

کل/ 15 اگست کو یوم آزادی کے جشن کا دن تھا۔ مدرسے کے احاطہ میں ہیڈ ماسٹر صاحب کے ساتھ سارے اساتذہ اور طلبا و طالبات جمع تھے۔ اس جشن کے موقع پر تمام بچوں کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے۔ جشن کی مناسبت سے چند لڑکے سفید ٹوپیاں سبز قمیص اور نارنجی پینٹ پہنے ہوئے تھے تو لڑکیاں بھی زعفرانی اوڑھنیوں کے ساتھ ہرے کُرتے اور سفید پاجامے پہنے وطن کی آزادی کے جشن میں شریک تھیں۔

جوزف سر نے اسکول کے میدان میں سفید پوڈر سے ہندوستان کا خوبصورت نقشہ بنایا تھا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب کے ساتھ تمام بچوں کو جوزف سر نے ہندوستان کے نقشہ کے کناروں پر کھڑا کر دیا۔ اس کے وسط میں پوڈیم پر جو کھمبا نصب تھا اس پر پورے جوش و خروش کے ساتھ ہیڈ ماسٹر صاحب نے جشن آزادی کے موقعے پر ترنگا لہرایا، انہوں نے ترنگے کو سلامی دی جس کے ساتھ ہی سارے بچّوں نے بھی سلامی دیتے ہوئے قومی پرچم پر نگاہیں ٹکائے قومی ترانا گایا۔ آزادی کے جشن کے اس مبارک موقعے پر ساجیات کے استاد عظمت اللہ صاحب نے وطن کو آزاد کرانے کی جدوجہد میں قربان ہونے والے مجاہدین آزادی کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ سارے بچوں نے ان کی تقریر کو بڑے غور سے سنا اور تقریر سن کر معاذ نے یہ طے کرلیا کہ آج کی تقریر میں جن دو ناموں کا استاد عظمت اللہ نے ذکر کیا،

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان کے بارے میں کل کلاس میں مزید معلومات حاصل کر کے رہے گا۔ دوسرے دن استاد عظمت اللہ کے کلاس میں داخل ہوتے ہی معاذ نے ان سے پوچھا کہ انہوں نے کل تقریر میں جن دو حضرات کا ذکر کیا تھا، ان کے بارے میں مزید بتائیں۔ استاد عظمت اللہ اُسے ستائش بھری نگاہوں سے دیکھتے ہوئے سب سے گویا ہوئے: ''پیارے بچو! ہمارے وطن کو آزاد کرانے کی کوششیں ایک لمبے عرصے سے جاری تھیں۔ انگریزوں کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہونے والوں میں سرفہرست ٹیپو سلطان کا نام آتا ہے۔ پھر انیسویں صدی میں جب انگریزوں کا ظلم بڑھتا ہی گیا تو وطنِ عزیز کو آزاد کرانے کے لئے کی جانے والی جدوجہد بھی تیز تر ہوتی گئی۔''

معاذ: استاد میرے سوال کا جواب۔۔۔

عظمت اللہ: ہاں ہاں مجھے یاد ہے یہ ساری باتیں میں نے تمہیں تمہید کے طور پر بتائی ہیں۔

پیارے بچو! 'اشفاق اللہ خاں' ایک مجاہدِ آزادی ہیں۔ اشفاق اللہ خاں، 22/ اکتوبر سن 1900 کو شاہجہاں پور کے محلے ایمن زئی میں پیدا ہوئے اور رام پرساد بسملؔ کی رفاقت میں انہوں نے اپنی وطن پرستی کا عملی مظاہرہ کیا۔ دراصل رام پرساد بسملؔ ایک پرجوش انقلابی نوجوان تھے جو گاندھی جی کی اہنسا کے بجائے لوک مانیہ تلک کی پالیسی پر چلتے ہوئے وطن کو جلد از جلد غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرانے کے متمنی تھے۔ انہوں نے اپنے مقصد کو عملی جامہ پہنانے کی خاطر ایک انجمن بھی قائم کی جس کا نام ریپبلیکن اسوسی ایشن تھا۔ اس کا مقصد منظم انقلاب کے ذریعہ انگریزوں کو ہندوستان سے نکلنے پر مجبور کرنا تھا۔ اس دوران انگریزوں کا ظلم بھی اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا ایسے میں ہندوستانی نوجوانوں کا اضطراب اور زیادہ بڑھ گیا۔

دوسرے مجاہدِ آزادی رام پرساد بسملؔ ہیں۔ رام پرساد بسملؔ کے ذہن میں ایک خیال یہ آیا کہ وطن کی خاطر اگر انگریزوں سے اس دولت کو زبردستی چھین لیا جائے تو بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

چنانچہ انگریزی خزانے کو لوٹ لینے کا منصوبہ تیار ہوا 19/ اگست 1925 سن کو رام پرساد بسملؔ کی

© CTES NOT TO BE REPUBLISHED

قیادت میں شاہجہاں پور ٹرین کو نشانہ بنایا گیا۔ اس مہم میں اشفاق اللہ اور رام پرساد بسملؔ کے علاوہ بنارس کے رامچندر لہری، بنگال کے سچندر ناتھ بخشی، اناؤ کے چندر شیکھر آزاد، کولکتہ کے کشیپ چکرورتی، رائے بریلی کے بنواری لال، اناؤے کے مکندی لال اور شاہجہاں پور کے مراری لال شامل تھے۔ ہندوستانیوں کی اس جرأت نے انگریزوں کے ہوش اڑا دئے۔

26/ دسمبر 1925 کو رام پرساد بسملؔ کی گرفتاری عمل میں آئی اور ان کے ساتھ ہی ملک بھر سے چالیس افراد کو اس سازش کا مجرم قرار دے کر گرفتار کیا گیا یہ مقدمہ کاکوری کیس کے نام سے مشہور ہوا ۔ ہمارے نوجوانوں کی اس مزاحمت کو انگریز سامراج نے بغاوت کا نام دیا جس پر اشفاق اللہ خاں نے یوں کہا کہ

؎ کہاں گیا کوہِ نور میرا کدھر گئی ہائے میری دولت
وہ سب کا سب لوٹ کر کے الٹا ہمیں کو، ڈاکو بتا رہے ہیں

کاکوری کیس میں کلیدی ملزم کے طور پر رام پرساد بسملؔ اور اشفاق اللہ خاں پر مقدمہ چلایا گیا۔ ہندوستانیوں نے بڑی کوششیں کیں کہ انقلابیوں کو رہا کرایا جائے ایک ہی وقت دن اور تاریخ میں (19/ ستمبر سن 1927) اِن مجاہدین کو پھانسی کے تختہ پر چڑھا دیا گیا۔ بسملؔ اور اشفاق اللہ کی دوستی مذہبی اتحاد و یگانگت کی روشن علامت تھی جو ایک مشن اور مقصد کی خاطر تھی۔ پھانسی پر چڑھنے سے پہلے دونوں یہ اشعار گنگناتے ہوئے چل رہے تھے۔

؎ سرفروشی کی تمنا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا، بازوئے قاتل میں ہے

شہادت سے ایک دن پہلے انہوں نے اپنی ماں کو خط میں لکھا کہ ''کل مجھے پھانسی دی جائے گی۔ جب میری لاش آپ کے سامنے آئے تو رونا مت بلکہ مجھے اس طرح اس دنیا سے رخصت کرنا جس طرح

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ایک ماں اپنے پیارے بیٹے کو دولہا بنا کر دلہن لانے کے لئے بارات کے ساتھ بھیجتی ہے۔ پیاری امّی تمہارا یہ بیٹا آزادی کی دلہن لے کر ضرور آئے گا۔ آپ جانتی ہیں کہ آپ سے بڑی بھی میری ایک ماں ہے جس کا نام وطن ہے جب سارے ہندوستانیوں کی ماں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا ہو اس کے بیٹے کس طرح آرام سے زندہ رہ سکتے ہیں۔''

کچھ آرزو نہیں ہے، ہے آرزو تو یہ ہے
رکھ دے کوئی، ذرا سی خاکِ وطن، کفن میں

پیارے بچو اس جذبہ حُب الوطنی اور ایثار و قربانی کے ساتھ اشفاق اللہ خان اور رام پرساد بسمل شہید ہو کر ہمیشہ کے لئے جاوداں ہو گئے۔

نصابی کمیٹی

☆☆☆

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

شہید	=	خدا کی راہ میں یا وطن کی راہ میں قربان ہونے والا
جرأت	=	دلیری، جوانمردی، بہادری
استفسار	=	دریافت کرنا
سازش	=	کسی کی مخالفت کے لئے باہمی اتفاق
ستائش	=	تعریف، توصیف
مجرم	=	جرم کرنے والا ، گہنگار ، خطا کار
محیط	=	احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا
مزاحمت	=	روک، ممانعت
مسلسل	=	لگا تار، بار بار
کلیدی	=	اہم، بنیادی
وسط	=	درمیان

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجاہد = کوشش کرنے والا، جان فشانی کرنے والا، جہاد کرنے والا

بربریت = وحشت، وحشی پن

اتحاد = ملاپ، دوستی، محبت، اخلاص

جیالے = دلیر، جرأت مند

یگانگت = اتحاد، اتفاق

حوصلے = عزم، ارادہ

باگ = لگام، عنان

تمہید = ابتداء

مِشن = پیغام، مقصد، تبلیغ

انقلاب = تغیر، تبدّل، زمانے کا پلٹ جانا

مقصد = مطلب، ارادہ ، نیت

رہنما = لیڈر

رُخصت = روانگی

منظم = سلیقے کے ساتھ، باقاعدہ طور پر

برات = جلوس

انخلاء = خالی کرنا

II: ان سوالوں کے جواب دیجئے۔

۱) مدرسہ کے احاطے میں کس تقریب کا جشن منانے کے لئے سب جمع ہوئے تھے؟

۲) جوزف سر نے اسکول کے میدان میں کیا بنایا تھا؟

۳) ترنگا کہاں لہرایا گیا؟ اور کس نے ترنگا لہرایا؟

۴) انگریزوں کے خلاف لڑنے والوں میں سرِفہرست کس کا نام آتا ہے؟

۵) اشفاق اللہ خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

۶) رام پرساد بسمل نے کس انجمن کی بنیاد رکھی؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۷) 19، اگست کو کونسا واقعہ پیش آیا؟

۸) نوجوانوں کی مزاحمت کو انگریزوں نے کیا نام دیا؟

۹) ہندوستان کب آزاد ہوا؟

۱۰) کس مقدمے کو ''کاکوری کیس'' کہا گیا؟

۱۱) اشفاق اللہ نے ماں سے بھی بڑی ماں کس کو کہا ہے؟

III: 'الف' اور 'ب' کو جوڑ کر مناسب جملے بنائیے۔

''الف''	''ب''
۱) 19، اگست سن 1925	رام پرساد بسملؔ کی گرفتاری عمل میں آئی
۲) 26، دسمبر سن 1925	اشفاق اللہ خاں کی پیدائش
۳) 19 ستمبر سن 1927	شاہ جہاں پور کو نشانہ بنا دیا گیا
۴) 15، اگست	مجاہدین کو پھانسی کے تختہ پر چڑھا دیا گیا
۵) 22، اکتوبر	یوم آزادی کے جشن کا دن تھا

IV: مناسب لفظوں سے خانہ پری کیجئے۔

۱) لڑکیاں بھی جشنِ آزادی.....شریک تھیں۔
(میں ، نے ، کو)

۲) ہیڈ ماسٹر صاحب.....ترنگے کو سلامی دی۔
(میں، نے، ہے)

۳) بچّے مادرِ وطن.....محبت سے پھول گئے۔
(کو، نے ، کی)

۴) رام پرساد بسملؔ نے انگریزی خزانے.....لوٹنے کی حکمتِ عملی تیار ہوئی۔
(ہے، کو، کی)

۵) اشفاق اللہ خاں مادرِ وطن.....سچّے سپوت تھے۔
(کے ، بی ، سی)

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

V: نیچے دیئے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

وطن، جشن، اسکول، ترنگا، ستائش

VI: صحیح اور غلط جملوں کی نشاندہی کیجئے۔

۱) بچّوں کے سینے مادر وطن کی محبت سے پھول گئے۔

۲) 1947ء میں انگریزوں کے ہاتھوں وطن کی باگ ڈور سونپ دیا۔

۳) رام پرساد بسمل ایک انقلابی تھے۔

۴) اپنی خاطر اپنی جان قربان کیں۔

۵) کل پھانسی دی جائے گی۔

VII: ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

الفاظ	تمہید	ظلم	اہنسا	ستائش	آزاد	جرأت	مزاحمت
اضداد							

VIII: نیچے قوسین میں دیئے گئے الفاظ منتخب کر کے نیچے دی گئی مثال کے مطابق مرکبات بنایئے۔

مثال طلبا و طالبات:

۱) جوش و ۲) اتحاد و

۳) ایثار و ۴) جان و

۵) حمد و

(یگانگت ، ثنا ، تن ، قربانی ، خروش)

IX: وطن کی آزادی میں حصہ لینے والی کسی نامور شخصیت پر مضمون لکھئے۔

☆☆☆

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:9

بجلی

سائنسی نظریات رکھنے والی سوچ پیدا کرنا



آج ہم سائنس وٹیکنالوجی کے جس دور میں جی رہے ہیں اس نے زندگی میں بہت ساری سہولیات بہم پہنچائی ہیں۔آج کی سائنسی ایجادات کو ممکن بنانے میں 'بجلی' (Electricity) نے بہت بڑا رول ادا کیا ہے۔

گویا بجلی آج کی تمام تر ٹیکنالوجی کی بنیاد ہے جس نے گلوبل گاؤں کا تصور دیا، فاصلے مٹا دئے اور ہر اس کام کو ممکن کر دیا جو کبھی ناممکن تھا۔ وہ اشیاء جو کل تک عیش وعشرت کا سامان سمجھی جاتی تھیں آج وہی زندگی کی ضرورت بن گئیں۔ گویا بجلی کی ایجاد سائنس اور ٹیکنالوجی کے ترقیاتی سفر کی ابتدا ہے۔

بجلی پیدا کرنا سائنس کے قابل ذکر کارناموں میں ایک ہے۔اُردو میں اسے 'بجلی' اور انگریزی میں 'الیکٹری سٹی' کہتے ہیں۔آج ہماری زندگی میں بجلی اس قدر عام ہے کہ ہر جگہ ہر کوئی اس کے نام اور کام سے واقف ہے۔ ذرا تصور کیجئے کہ آج اگر بجلی نہ ہوتی تو ہماری زندگیاں کیسی تاریک اور مختلف ہوا کرتیں۔ ہمارے چاروں طرف اسی کی کرشمہ سازی کی بدولت ریڈیو، ٹیلی فون، ٹیلی وژن، پنکھے، ریفریجریٹر، سینما، بلب، ہیٹر وغیرہ کام کر رہے ہیں اور ان کی بدولت ہمیں راحت میسر ہے۔

بجلی کی کہانی امریکہ کے سائنسداں تھامس ایلوا ایڈیسن کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی۔ایڈیسن نے اور بھی کئی ایجادات کیں لیکن فائدے کے لحاظ سے بجلی ان کی تمام ایجادات میں اہمیت رکھتی ہے۔

© KTB NOT TO BE REPUBLISHED

ایڈیسن نے جس دن بجلی کے لیمپ کا مظاہرہ امریکی عوام کے سامنے پیش کیا تھا، وہ دن ساری دنیا کے لئے روشنی کا پیغام لایا۔ انہوں نے اس روز ساری دنیا کو نئی روشنی عطا کی۔

بجلی کی ایجاد نے ساری دنیا کو بڑی راحت اور آرام دیا ہے۔ اس کی بدولت آٹا پیسنے کی چکیاں، ریل گاڑیاں اور بڑے بڑے کارخانے تیز رفتاری سے کام کرنے لگے۔ بجلی ترقی یافتہ قوموں کی ترقیات کی ضامن ہے۔ اس نے ہماری زندگی میں بڑا انقلاب پیدا کیا۔ آج زندگی کا ہر کام آن کی آن میں صرف بٹن دبانے سے ہوجاتا ہے، اور یہ سب بجلی کی بدولت ممکن ہے۔



نصابی کمیٹی

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

گلوبل = عالمی　　تاریک = اندھیرا

کرشمہ = کرامت　　ایجاد = نئی بات پیدا کرنا

مظاہرہ = دکھانا، نمائش کرنا　　کارخانہ = چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کی جگہ

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱۔ انگریزی زبان میں بجلی کو کیا کہتے ہیں ؟

۲۔ آج کی سائنسی ایجادات کو ممکن بنانے میں کس نے بڑا رول ادا کیا؟

۳۔ بجلی کی کرشمہ سازی سے ہم اپنے اطراف کون کونسی چیزوں کو کام کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں؟

۴۔ تھامس الوا ایڈیسن نے کس کے روبرو لیمپ کا مظاہرہ کیا؟

۵۔ ترقی یافتہ قوموں کی ترقیات کس پر منحصر ہیں؟

قواعد:

مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد لکھئے۔

سہولیات، تصورات، ضروریات، ایجادات، زندگیاں، کارخانے، کہانیاں، راحتیں، روشنیاں

ان الفاظ کی جمع لکھئے۔ قوم، چکی، شئے، فاصلہ

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق:10

جنگل کا مور

جنگلی پرندوں کا تعارف کراتے ہوئے قومی پرندہ مور کے بارے میں معلومات فراہم کرنا



میں جنگل کا مور ہوں بھیّا
میں جنگل کا مور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیڑ ہیں میرے راج سنگھاسن
سر پر میرے تاج
پنکھ پکھیرو طوطا مینا
سب پر میرا راج
بادل میرے سنگ اُڑتے ہیں
سنگ اُڑے پروَیّا

میں جنگل کا مور ہوں بھیّا
میں جنگل کا مور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

NOT TO BE RE@ISHED

رنگ بکھیرے چاروں جانب
میرا اپنا روپ
سارا جنگل گھر ہے میرا
کیا چھاؤں کیا دھوپ
سورج میرا رستہ دیکھے
راہ نمارے چھیّا

میں جنگل کا مور ہوں بھیّا
میں جنگل کا مور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بال و پر ہیں اک پھلواری
نیلے پیلے رنگ
چھم چھم چھم چھم ناچ دکھاؤں
جو دیکھے دنگ
چندا جھومے، امبر جھومے
جھومے دھرتی میّا

میں جنگل کا مور ہوں بھیّا
میں جنگل کا مور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حیدر بیابانی

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

جنگل = درختوں کی کثرت کا مقام
راج = حکومت، بادشاہی
تاج = شاہی ٹوپی، پروں کا طرّہ

سنگھاسن = شاہی تخت

پنکھ پکھیرو = (پَر پھیلانے والے پرندے) وہ پرندے جنکے پر ہوتے ہیں۔

بادل = ابر، گھٹا

سنگ = پتھر

روپ = خوبصورتی

راہ نما = راستہ دکھانے والا، رہبری کرنے والا

چھیّا = چھاؤں

بال و پر = پَر۔ پرندوں کے پر

پھلواری = پھولوں کا چھوٹا سا باغ

دنگ = حیرت، حیراں، تعجب

امبر = آسماں

دھرتی = زمین

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱۔ مور کا راج سنگھاسن کون ہیں؟

۲۔ مور کا راج کس پر ہے؟

۳۔ مور کے ساتھ کیا اڑتے پھرتے ہیں؟

۴۔ جنگل کس کا گھر ہے؟

۵۔ سورج کس کا رستہ دیکھتا ہے؟

III: ان قافیوں کو دہرائیے۔

۱۔ راج ۔ تاج ۔ ناچ

۲۔ بھیّا ۔ چھیّا ۔ میّا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۳۔سنگ ۔ رنگ ۔ دنگ

۴۔ چھاؤں ۔ دکھاؤں ۔ لہراؤں



عملی کام:

IV: ایک مصرعہ کہہ کر بچوں سے دوسرا مصرعہ کہلوائیں:۔

۱۔ میں جنگل کا مور ہوں بھیّا

۲۔ پنکھ پکھیرو طوطا مینا

۳۔ سورج میرا رستہ دیکھے ---

مور ہمارا قومی پرندہ ہے۔مور ہندوستان کے کن خطوں میں پائے جاتے ہیں اپنے اُستاد سے معلوم کیجئے۔

قواعد:

ضمیر:

'اسم' کی جگہ استعمال ہونے والے کلمے کو 'ضمیر' کہتے ہیں۔

مثال: شیر کہنے لگا کہ میں جنگل کا راجہ ہوں۔ اس جملے میں ''میں'' ضمیر ہے۔

صفت:

صفت اس کلمے کو کہتے ہیں جو کسی شخص یا شئے کی حالت، کیفیت یا کمیت یعنی تعداد یا مقدار کے بارے میں وضاحت کرے۔

مثال:

ہزاروں چرند پرند۔ ہنستے بچے ۔ ہرا بھرا جنگل۔خونخوار شیر۔خوشگوار موسم۔ نیلے پیلے رنگ

ان مثالوں میں ہزاروں، ہنستے، ہرا بھرا، خونخوار، خوشگوار، نیلے پیلے صفت ہے۔

حروف کا بیان:

سادہ آوازوں اور اُن کی تحریری شکل کو حروف یا علم ہجا کہتے ہیں۔

@RTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سادہ حروف:

ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج	چ	ح	خ
د	ڈ	ذ	ر	ڑ	ز	ژ	س	ش	ص
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	گ	ل
م	ن	و	ہ	ء	ی	ے			

مخلوط حروف:

بھ	پھ	تھ	ٹھ	جھ	چھ	دھ
ڈھ	ڑھ	کھ	گھ	لھ	مھ	نھ

لفظ کی تعریف:

حروف کا ایسا مجموعہ جس کے کوئی معنی ہوں، لفظ کہلاتا ہے۔

جملہ کی تعریف:

الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے مکمل معنی واضح ہوں، جملہ کہلاتا ہے۔

جیسے: اکبر بادشاہ ہے۔ احمد کھیلتا ہے ۔ اسلام سچا دین ہے۔

مذکر و مونث:

مذکر کی تعریف: مذکر نر کو کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جیسے : یہ لڑکا ہے ۔ کبوتر اُڑتا ہے ۔ دھوبی کپڑے دھوتا ہے۔

مونث کی تعریف: مونث مادہ کو کہتے ہیں۔

جیسے: یہ لڑکی ہے ۔ کبوتری اُڑتی ہے ۔ دھوبن کپڑے دھوتی ہے۔

تعداد:

واحد اور جمع ان فقروں کو پڑھئے۔

(الف)	(ب)
ایک لڑکا۔	دو لڑکے ۔
ایک کتاب۔	دو کتابیں ۔
ایک کرسی۔	دو کرسیاں ۔

اوپر کی عبارت (الف) میں لڑکا، کتاب، کرسی کی تعداد گنتی میں صرف ایک ہے۔قواعد میں ایک کو واحد کہتے ہیں۔

عبارت (ب) میں لڑکے، کتابیں اور کرسیاں تعداد میں ایک سے زیادہ پائی جاتی ہیں۔قواعد میں ایک سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں۔

اسم:

اسم کی تعریف: اسم وہ کلمہ ہے جس سے کسی آدمی، جانور، چیز یا جگہ کا نام ظاہر ہو۔

جیسے: محمد علی، تاج محل، ہندوستان، شیر، آم، وغیرہ۔

فعل:

فعل وہ کلمہ ہے جس سے کام کا ہونا یا کرنا معلوم ہو۔

جیسے: نصیر خط لکھتا ہے۔طوطا ڈالی پر بیٹھا ہے۔ مینہ برستا ہے۔خالد بازار گیا۔

مفرد: واحد کلمہ کو مفرد کہتے ہیں۔

تعریف: مفرد وہ کلمہ ہے جس میں ایک لفظ پایا جاتا ہے۔

جیسے: ڈبہ، لڑکی، بارش

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مرکب: مرکب کی تعریف: دو یا دو سے زائد الفاظ مل کر ایک معنی میں استعمال ہو تو اسے مرکب کہتے ہیں۔

جیسے: عیدالفطر، علم و عمل، کارِ خیر

حرکات و سکنات۔(اعراب):

زیر	ـ	ـِ
زبر	ـ	ـَ
پیش	ـ	ـُ
تشدید	ـ	ـّ

مد	ـ	ـٓ
جزم	ـ	ـْ
تنوین	ـ	ـً

ان الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھئے۔

حَرَم	قَابِل	آم	گَرم

مثلاً	اُجالا	متعدّی

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذخیرۂ الفاظ

الف	الاؤ	آثار	بری	بھیّا	پنجرا
اجالے	آزاد	اتحاد	بے مثال	بادل	پالیسی
آبشار	اونٹ	اشیاء	تلوار بازی	بکھیرے	پھانسی
آن بان	آڑے	ایجاد	بندوق	بال و پر	پیغام
انجمن	اسکول	ابتداء	بھونچکا	بچپن	پیڑ
اکھاڑنا	اوڑھنی	الیکٹری سٹی	بیش تر	بٹن	پرویّا
اطاعت	احاطے	اہمیت	برکت	**پ**	پنکھ
اطلاع	آگاہ	امبر	بڑائی	پارلگادے	پکھیرو
ادائیگی	انگریز	امن	بہتری	پھول	پھلوائی
اصول	ایمن زئی	انجمن	بھوک	پاسبان	پوڈیم
آئینہ	انقلابی	**ب**	بے بسی	پت جھڑ	پرچم
اساتذہ	اسوسیشن	بگڑی	بربریت	پیارے	پاجامہ
آسمان	انتہا	بنانے	باگ	پہلوان	پنکھا
اکثر	اضطراب	بخشش	برات	پابند	**ت**
افسر	اڑانا	بانکپن	بہم	پاس پڑوس	ترکیب
اظہار	آرام	بہادری	بجلی	پچھلی	تنگ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

امرت	آرزو	بارے	برق	پھٹکنے	تعینات
احسان	ایثار	بےحد	بلب	پھولنا پھلنا	تعلیم
انوکھی	استفسار	باز	بدولت	پیٹ	تندرستی
تیراندازی	ٹیلی ویژن	جال	خ	ڈ	راحت
تلوار بازی	ٹکنالوجی	چ	خدا	ڈر	راج
ترجیح	ث	چمن	خلل	ڈنکا	سنگھاسن
تاریخی	ثابت	چھم چھم	خوف زدہ	ذ	ز
ترنگا	ثروت	چھیّا	خراج عقیدت	ذلّت	زمین
ترانہ	ج	چکیّاں	خزاں	ذلیل	زار
تقریر	جہان	چوہا	خلاف	ذہین	زنجیر
تفصیلات	جوئے بار	چھاؤں	خطروں	ر	زندہ
تیزتر	جان وتن	ح	خدمت	ریاضت	زندگی
تمہید	جنگجو	حوالے	د	رعب	زبان
ترجمانی	جذبہ	حسین	دوجہاں	راہ نما	س
تعلیم	جرمانہ	حملے	دلیری	ریل گاڑی	سنبھالے
تصوّر	جھاڑی	حفاظت	دریافت	رہ ہدایت	سویرے
ترقیاتی	جشن	حرکتوں	دربار	ریڈیو	سرزمین

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تاریک	جانور	حکومت	داستان	راغب	سبزہ زار
ترقی یافتہ	جھنجھلاہٹ	حیرت	دل نشین	رحمت	سنگھاسن
تربیت	جوش وخروش	حوصلہ	خلاف	روشن	سایہ
ٹ	جاوداں	حق	خطروں	رگ وپے	سلامت
ٹکڑا	جھٹ	حکمت	خدمت	روک ٹوک	سفر
ٹیلی فون	جنگل	حکم	عرض	ریپبلکن اسوسیشن	سہولت
سرشار	ظالم	فقیر	گانے	منڈیر	ہلال
سادگی	ظرف	فرمان	گویا	مدگار	ہدایت
ش	ع	ق	ل	ن	ہمسفر
شکایت	عبادت	قوی	لیجسلیٹو کونسل	نادان	ہمسایہ
شکار	عزت	قصبہ	لشکر	ناتوان	ی/ے
شوروشغب	عزیز	قرأت	لعنت	نہارے	یقین
شرمندہ	عنفوان شباب	قدردانی	لالچ	نثار	یارانہ
شجاعت	علوم	ک	م	نفع	یاد
شیر	عہدہ	کاری گری	مشغولیات	نظرفریب	یوم
شگفتہ	عہد	کمال	مطالعہ	نیت	یگانگت
شغل	عید	کڑوی	مقبرہ	نہارنا	

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شوق	غ	کارخانہ	متفرق	نوازنا
ص	غرور	کرشمہ	ملازم	و
صدمے	غالب	گ	مرحب	وقت
ض	غور	گھڑسوار	مقابلہ	وطن
ضامن	غم زدہ	گنجائش	ملّت	وفا
ضرب	ف	گلشن	مسرور	واقعہ
ضو	فولاد	گمراہ	مشفق	واقف
ظ	فوج	گلوں	مذاق	وزن
ظاہر	فائر	گیدڑ	مظاہرہ	ہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

M4Q8S9

سبق:11

ترانۂ ہندی

بچّوں کو نظم سنا کر اداکاری کے ساتھ نغمہ سرائی کی مشق کرانا



© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اِس کی ، یہ گلستاں ہمارا

پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا
وہ سنتری ہمارا ، وہ پاسباں ہمارا

گودی میں کھیلتی ہیں ، اِس کی ہزاروں ندیاں
گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا

مذہب نہیں سکھاتا ، آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم ، وطن ہے ہندوستاں ہمارا

کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہماری
صدیوں رہا ہے دشمن دَورِ زماں ہمارا

اقبالؔ کوئی محرم، اپنا نہیں جہاں میں
معلوم کیا کسی کو دردِنہاں ہمارا

علامہ اقبالؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور یاد رکھئے۔

بلبلیں = خوش آواز پرندہ، عندلیب
گلستاں = باغ، چمن
پربت = پہاڑ
ہمسایہ = پڑوسی
سنتری = فوج یا پولیس کا پہرہ دینے والا سپاہی
پاسباں = رکھوالا، نگہباں
رشکِ جناں = جنت رشک کرے/ انتہائی خوب صورت جگہ
بیر = دشمنی
دورِزماں = زمانہ
محرم = رازدار، ہمراز

II: درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) ہمارا سنتری اور پاسباں کون ہے؟
۲) ہمارا ہندوستان کیسا ہے؟

۳) ہم کس گلستاں کی بلبلیں ہیں؟

۴) شاعر نے کس گلشن کو رشکِ جناں کہا ہے؟

۵) ہزاروں ندیاں کہاں کھیلتی ہیں؟

۶) مذہب ہمیں کیا سکھاتا ہے؟

۷) صدیوں سے ہمارا دشمن کون رہا ہے؟

۸) شاعر کو جہاں میں کون نہیں ملا؟

عملی کام

III: ایک مصرعہ کہہ کر بچوں سے دوسرا مصرع کہلوائیں۔

۱) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

۲) پربت وہ سب سے اونچا، ہمسایہ آسماں کا

۳) گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں

۴) مذہب نہیں سکھاتا، آپس میں بیر رکھنا

IV : درج ذیل ہم وزن الفاظ کی زبانی مشق کروائیں۔

ہندوستان	گلستان	پاسبان	جناں	زماں	نہاں
ہستی	مٹی	گودی	ہندی	گلشن	دشمن
ہم	دم				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V: بے ترتیب حروف کو جوڑ کر مکمل لفظ لکھئے:

مثال: ر ہ ا ن ت = ترانہ

۱	س م ں ا آ		۲	ش ن گ ل	
۳	ب ہ ذ م		۴	ی س ت ن ر	
۵	ن ط و		۶	د ن ہ ی	
۷	ن م ش د		۸	س ہ ت ی	
۹	م ر م ح		۱۰	ن ہ ں ا	
۱۱	ہ ا ج ں				

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اِن الفاظ کی ضد لکھئے:

دشمن، بیر، اونچا، اچھا، پنہاں

ان الفاظ کی جمع لکھئے:

بلبل، بُوٹا، مذہب، ہستی، ندی

☆☆☆

سبق:12

بال ہٹ

آسان گفتگو یا بات چیت کو سن کر سمجھنے کی صلاحیت کو اُجاگر کرنا



اکبر بادشاہ کے دربار کے نورتنوں میں ملّا دوپیازہ کی بڑی قدردانی تھی۔ اکبر کی نظروں میں مُلّا کی بڑھتی ہوئی قدردانی کو دیکھ کر بیربل کو حسد ہونے لگا۔ بیربل نے اکبر بادشاہ سے شکایت کی ''عالی جاہ آپ نے ملّا کو جس قدر نوازا ہے اُس سے ملّا مغرور ہو گیا ہے۔ اور دربار میں دیر سے آنے لگا ہے''۔ اکبر بادشاہ نے ملّا کو بلا کر دیر سے آنے کی وجہ دریافت کی تو ملّا نے اکبر بادشاہ سے کہا۔

''جہاں پناہ میں اپنے چھوٹے بچّوں کو بہلانے کے بعد دربار آتا ہوں''۔ بادشاہ کو اس بات پر یقین نہ ہوا اور فرمایا۔

''کیا کہتے ہو، چھوٹے بچّے تو بڑی آسانی سے بہل جاتے ہیں''۔

مگر مُلّا اپنی بات پر اڑا رہا کہ بچّے آسانی سے بہلتے نہیں اور کبھی کبھی انہیں بہلانا ناممکن ہو جاتا ہے۔ بادشاہ کو جب مُلا کی بات پر یقین نہ ہوا تو ملّا کو ایک ترکیب سوجھی اس نے بادشاہ سے کہا کہ ''حضور تھوڑی دیر کے لئے میں بچہ بن جاتا ہوں اور آپ میرے باپ بن جائیں پھر پتہ چل جائے گا کہ بچوں کو بہلانا کتنا مشکل ہے۔

اکبر بادشاہ نے کہا ''ہمیں منظور ہے۔۔۔''

ملّا دوپیازہ نے فوراً کھڑے ہو کر رونا شروع کر دیا۔ اور رو رو کر کہنے لگا۔

''اُوں اُوں مجھے ایک کلہڑ (کٹورا) چاہئے۔'' بادشاہ کے حکم سے فوراً کلہڑ منگوایا گیا۔ پھر ملّا دوپیازہ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



نے رو رو کر کہا ''اُوں اُوں مجھے تو ایک اونٹ چاہیئے۔'' تو فوراً اُونٹ حاضر کر دیا گیا۔ ملّا دو پیازہ نے اونٹ کو سامنے کھڑے ہوئے دیکھا تو پھر رو رو کر کہنے لگا۔

''اُوں اُوں اس اونٹ کو اس کلہڑ میں رکھ دیجیئے۔''

اکبر بادشاہ کے لاکھ سمجھانے کے باوجود ملّا دو پیازہ برابر روتا رہا۔ آخر کار اکبر بادشاہ مجبور ہو گیا اور اعلان کیا ''ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بچوں کو بہلانا واقعی بڑا مشکل کام ہے۔'' یہ سنتے ہی ملا دو پیازہ نے رونا ترک کر دیا۔ اس طرح شاہی دربار میں ملا دو پیازہ نے اپنی عزّت بحال کر لی۔



ماخوذ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھیئے اور سمجھیئے۔

نورتن = اکبر بادشاہ کے دربار میں رہنے والے نو وزراء

قدردانی = عزّت

نوازنا = مہربانی کرنا، عزت بخشنا

اڑے رہنا = اپنی بات پر سختی سے جمے رہنا

ترکیب = طریقہ

کُلہڑ = مٹی کا بڑا آبخورہ/پیالہ

تسلیم کرنا = قبول کرنا، ماننا

بحال رکھنا = برقرار رکھنا

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱) اکبر بادشاہ کے دربار میں کس کی قدردانی تھی؟

۲) بیربل کو حسد کیوں ہونے لگا؟

۳) بادشاہ نے کس کی بات پر یقین کیا؟

۴) چھوٹے بچّے تو بڑی آسانی سے بہل جاتے ہیں۔ یہ جملہ کس نے کہا؟

۵) بچّے آسانی سے بہلتے نہیں۔ یہ کس نے کہا؟

III: خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

۱) اکبر بادشاہ کے دربار میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رتن تھے۔

۲) بچّوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے بعد دربار آتا ہوں۔

۳) آخر کار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجبور ہو گیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام

I: یہ فقرے زبانی کہلوائیں۔

بڑے دل والا ۔ آم کا باغ ۔ غریبوں کی مدد ۔ امیر آدمی

II: اِن الفاظ کو پانچ پانچ بار لکھوائیں۔

قدردانی ۔ حسد ۔ غرور

جہاں پناہ ۔ کُلہڑ ۔ اُونٹ

قواعد

آپ نے پچھلے اسباق میں اسم کی تعریف پڑھی اور جان لیا ہے کہ اسم کسے کہتے ہیں۔ اب آیئے یہ جاننے کی کوشش کریں کہ اسم کی کتنی قسمیں ہیں۔ اسم کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) اسم عام (۲) اسم خاص

اسم عام:

وہ تمام کلمات جن سے کسی جاندار، چیز یا مقام کا نام ظاہر ہو، اسمِ عام کہلاتے ہیں۔

جیسے: آدمی ، گھوڑا ، کُرسی ، کتاب ، گھر وغیرہ۔

کسی خاص شخصیت مقام یا چیز کے نام، اسمِ خاص کہلاتے ہیں۔

جیسے: اکبر بادشاہ، ملادوپیازہ، آگرہ، تاج محل وغیرہ۔

اس طرح آپ اپنے حافظے کی مدد سے کوئی چار اسم عام اور اسم خاص کی مثالیں لکھئے۔

قوسین میں دیئے گئے ہم معنی الفاظ چن کر خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

۱) منادی .....

۲) کُلہڑ .....

۳) نظروں .....

۴) عزّت .....

۵) قدردانی .....

(عزت افزائی، توقیر، اعلان، کٹورا ، نگاہوں)

۲) ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

عزّت	یقین	آسانی	غرور	دیر	رونا	حاضر

۳) مثال کے مطابق سابقہ 'نا' کی مدد سے الفاظ بنایئے۔

نا + ممکن = ناممکن

نا + پسند = ناپسند

(جائز، لائق ، دیدہ ، چیز)

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:13

A3X9B1

پیکرِ سادگی

سادہ زندگی کی اہمیت بتاتے ہوئے اسے اپنانے پر زور دینا

پیارے بچّو! بابائے قوم گاندھی جی کہا کرتے تھے کہ سادہ رہن سہن اور اعلیٰ و پاکیزہ خیالات زندگی کے بہترین لوازم ہیں۔

وہ تمام شخصیات جنہوں نے عیش و آرام اور مال و دولت کے لالچ سے خود کو دور رکھا دنیا کی تاریخ میں زندہ جاوید ہیں۔ سادگی اور بردباری کی بہترین مثال حضرت عمرؓ کی زندگی تھی۔ آپؓ کو خدا کے سوا کسی اور کا خوف نہیں تھا۔ آپؓ کی سادگی اور بردباری سے قیصر و کسریٰ کے حکمراں بھی حیران و ششدر رہتے۔

ایک مرتبہ قیصر و کسریٰ کے حکمران نے اپنا ایلچی بھیجا کہ وہ دیکھ آئے عمرؓ کیا ہیں، اخلاق کیسے ہیں؟ کس قدر سادگی پسند ہیں؟ ایلچی آئے اور لوگوں سے پوچھا تمہارا خلیفہ کہاں ہے؟ انہوں نے صحرا کی طرف اشارہ کیا کہ ہمارا خلیفہ وہاں ہے، ایلچیوں کو تعجب ہوا کہ یہ کیسا خلیفہ ہے محل میں رہنے کے بجائے اس کا قیام صحرا بیابان میں ہے۔ پھر کھیلتے ہوئے بچّوں سے دریافت کیا، انہوں نے بھی وہی جواب دیا بلکہ ایک ٹیلے کے سایے میں لیٹے ہوئے حضرت عمرؓ تک رہنمائی بھی کردی۔ اب قیصر و کسریٰ کے سفیروں کی حیرت کی انتہا نہ رہی کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ ایک درخت کے سایے میں آرام کر رہے ہیں؟ سر کے نیچے اینٹ تکیہ بنی ہے۔ انہوں نے حضرت عمرؓ کے نزدیک جا کر دریافت کیا کہ خلیفہ آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔ حضرت عمرؓ کا جواب تھا کہ لوگوں نے مجھے اپنا حاکم چنا ہے، میں اپنی مرضی سے خلیفہ نہیں بنا ہوں۔ جب تک وہ چاہیں گے اپنی خدمت اور فرض ادا کرتا رہوں گا اور وہی میری حفاظت کے ذمہ دار بھی ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حقیقت تو یہ ہے کہ خدا میرا محافظ ہے اور اس کے ہوتے مجھے کسی اور محافظ کی ضرورت نہیں۔ قیصر و کسریٰ کے سفیروں نے آپ کی سادگی کا یہ عالم دیکھا اور مبہوت ہو گئے کہ یہ کیسا حکمران ہے جو رعایا کا خدمت گذار ہے اور اس قدر سادگی پسند ہے کہ کسی بھی صورت خلیفہ نہیں معلوم ہوتا۔ پیارے بچّو! سادگی اپنائیے کہ سادگی سے بہت سارے مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں اور سادگی پسند انسان کبھی کسی کا محتاج یا مدد کا خواہاں نہیں ہوتا۔

نصابی کمیٹی

I: پڑھیے اور سمجھیے۔

پاکیزہ = صاف ستھرا، پاک

لوازم = لازمہ کی جمع، ضروری چیزیں یا سامان

قیصر = روم کا بادشاہ

کسریٰ = ایران کے بادشاہ نوشیرواں عادل کا نام

ایلچی = قاصد، سفیر، پیغام رساں

سفیر = قاصد، پیغام پہنچانے والا

محافظ = حفاظت کرنے والا، سرپرست

خلیفہ = مسلمانوں کا بادشاہ، امیر، جانشین، نائب

رعایا = لوگ، عوام، پرَجا

بیابان = ریگستان، صحرا

قیام = رہنے کی جگہ

مَبہوت = حیران، متحیّر، ہکّا بکّا

محتاج = ضرورت مند، حاجت مند، طلبگار

خواہاں = چاہنے والا، خواہشمند، طالب

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: ان سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) حضرت عمرؓ کی سادگی کا کیا عالم تھا؟
۲) حضرت عمرؓ سے مل کر ایلچی متعجّب کیوں ہوے؟
۳) حضرت عمرؓ کہاں آرام فرما تھے؟
۴) ایلچیوں نے لوگوں سے کس کا پتہ پوچھا؟
۵) قیصر و کسریٰ کے حکمرانوں نے کیوں اپنے ایلچیوں کو بھیجا؟
۶) ایلچیوں کو حضرت عمرؓ نے کیا جواب دیا؟
۷) حقیقت میں سب کا محافظ کون ہے؟

II: قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

(کا، کو، کی، کے)

۱) وہ شخصیات جنہوں نے دنیا کے لالچ سے خود ..... دور رکھا۔
۲) لوگوں نے صحرا ..... طرف اشارہ کیا۔
۳) حضرت عمرؓ ..... قیام صحرا بیابان میں تھا۔
۴) وہ درخت ..... نیچے آرام فرما تھے۔
۵) سادگی و بردباری کی مثال حضرت عمرؓ ..... زندگی تھی۔

III: ان الفاظ کے حروف کو الگ الگ لکھئے۔

سائے	س ا ء ے
خلیفہ	
انتہا	
حکمران	
سفیروں	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام

I: ان الفاظ کو لکھوایئے۔

اعلیٰ و پاکیزہ	رہن سہن	صحرا بیابان	سادگی و بردباری	قیصر و کسریٰ

V: مندرجہ ذیل جملوں کے صحیح یا غلط ہونے کی نشاندہی کروایئے۔

۱) حضرت عمرؓ کی زندگی بہت سادہ تھی۔

۲) وہ ہر وقت محل میں رہتے تھے۔

۳) سر کے نیچے اینٹ کو تکیہ بنائے ہوئے تھے۔

۴) حضرت عمرؓ کو خدا کے خوف کے سوا کسی کا ڈر نہ تھا۔

۵) حضرت عمرؓ نے کہا کہ میں اپنی مرضی سے خلیفہ بنا ہوں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

مترادف:

ایک ہی معنی رکھنے والے الفاظ کو مترادف کہتے ہیں۔

جیسے: چاند = قمر کوہ = پہاڑ اونچا = بلند

۱) اِن الفاظ کے مترادفات لکھئے۔

پیکر، مال، عیش، لالچ، مرتبہ، حکمران

۲) اس سبق سے چار ایسے مرکبات تلاش کر کے لکھئے جنہیں 'و' کے جوڑ سے بنایا گیا ہے۔

۳) ان الفاظ کے مذکر لکھئے۔

بھکارن، مالن، بکری، اونٹنی

☆☆☆

سبق:14

پیاری پیاری باتیں

عدم تشدّد کے جذبہ کو سمجھنے اور اُس پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کرنا

بھول کر بھی کسی کو ستانا نہیں
لڑنے بھڑنے کا بچّو زمانہ نہیں
بات ایسی کرو پھول منہ سے جھڑیں
دل کسی کا ہو لیکن دُکھانا نہیں
بحث کرنے سے کچھ ہاتھ آتا نہیں
بات کوئی ہو اس کو بڑھانا نہیں
بزم میں ان کو آنے نہ دے گا کوئی
ہاں بُروں کا کہیں بھی ٹھکانہ نہیں
با ادب ہو گیا ! ہو گیا با نصیب
اس سے بڑھ کر کوئی بھی خزانہ نہیں
بیل بوٹے ہو تم پھول کلیاں ہو تم
آپ اپنے پہ دھبّہ لگانا نہیں

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

باتیں ہم نے لکھی ہیں بڑے کام کی
ایسی باتوں کو تم بھول جانا نہیں

وقار خلیل

I: درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) شاعر کس کا دل نہیں دُکھانے کی بات کر رہا ہے؟
۲) بات کیسی کرنی چاہیئے؟
۳) اب کیسا زمانہ نہیں رہا؟
۴) سب سے بڑا خزانہ کونسا ہے؟
۵) ہمیں اپنے آپ پر دھبّہ کیوں نہیں لگانا چاہئے؟

II: ان قافیوں کو دہرایئے۔

ستانا	ٹھکانہ	پھول	بھول
دکھانا	بڑھانا	لڑنے	بھڑنے
خزانہ	زمانہ		

III: قوسین سے مناسب حروف چُن کر الفاظ مکمل کیجئے۔

۱) د + ☐ = ... (ا ژ ل ک)
۲) ب + ☐ = ... (ط ذ ز د)
۳) ☐ + ص + ی + ب = ... (س ش ن ب)
۴) د + کھ + ☐ + ن + ا = ... (ا ب پ ت)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: اشعار مکمل کیجئے۔

بھول کر بھی کسی کو ستانا نہیں : .....

..... : بات کوئی ہو اس کی بڑھانا نہیں

بزم میں ان کو آنے نہ دے گا کوئی : .....

..... : ایسی باتوں کو تم بھول جانا نہیں

V: جدول میں الفاظ تلاش کر کے ان کے اطراف دائرہ کھینچئے۔

مثال: بحث

ل	ے	ب		ث	ح	ب
	ہ	ن	ا	ز	خ	
ل	د		ں	ے	ڑ	جھ
			ہ	ب	ب	دھ
	ب	د	ا	ا	ب	
	ب	ی	ص	ن	ا	ب
م	ز	ب		ل	و	بھ
	ں	ا	ے	ل	ک	
	ں	و	چ	چ	ب	

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:15

مساوات

جذبہ مساوات کی اہمیت کو ذہن نشین کراتے ہوئے مساوات کو سمجھنے کی صلاحیت کو پیدا کرنا۔

انسان اور انسان کے بیچ دولت، ثروت، رنگ و نسل، حسب و نسب کی بنیاد پر امتیاز نہ کرنے کو مساوات کہتے ہیں۔

مساوات کی ہدایت قرآن پاک میں کی گئی ہے۔ پوری اسلامی تاریخ انسانوں کے مساوی حقوق کی علمبردار ہے۔

اسلامی تاریخ کے چھوٹے بڑے سینکڑوں واقعات انسانوں کی برابری کا اعلان کرتے ہیں۔ پیارے بچو؛ مساوات کے معنیٰ تو آپ سمجھ گئے اب آیئے ایک چھوٹے سے واقعے کی روشنی میں یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ مساوات پر چل کر کس طرح زندگی کو پر مسرت بنایا جاسکتا ہے۔

کسی شہر میں دو کمسن لڑکیاں ایک مدرسے میں تعلیم حاصل کر رہی تھیں، ان کا نام آمنہ اور آسیہ تھا۔ وہ دونوں ایک دوسرے کا بہت خیال رکھا کرتیں، ان کی آپس میں گہری دوستی تھی۔ جانئے کہ وہ ایک جان دو قالب تھیں، پر ان دونوں کے درمیان ایک چیز جو دنیا والوں کو صاف نظر آتی تھی وہ یہ کہ ان کا حسب نسب ایک دوسرے سے بالکل الگ تھا۔ اس کے بارے میں لوگ کہتے کہ دوستی اور خلوص کے مابین روڑا بن جاتی ہے، مگر ان کی اسلامی طرز پر جو تربیت ہوئی تھی اس نے اس بات کو جھوٹا ثابت کر دیا اور ان دونوں کی دوستی کی مثالیں دی جانے لگیں۔ جہاں آمنہ کے والد شہر کے نامی گرامی وکیل تھے، وہیں آسیہ کے ابو ایک محنت کش معمولی کسان تھے۔ آمنہ آسیہ کو ایک لمحے کے لئے بھی اپنی نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیتی، اس نیک طینت لڑکی کی تربیت اس کے والدین نے کچھ اس طرح کی تھی کہ ہر دم اپنی سہیلی کی خوبیوں کا ذکر کیا کرتی تھی۔ ہر دم اس کی مدد کو تیار رہتی تھی۔ اپنے فعل و عمل سے وہ کسی بھی طرح آسیہ کو خود سے کمتر خیال کرنے کا موقع نہ دیتی تھی۔ اپنی دختر کے اس اعلیٰ طرز عمل کے ذمہ دار دراصل اس کے والدین تھے، جنہوں نے اس کی صحیح تربیت کی تھی۔ جہاں

NOT TO BE REPUBLISHED © QTBS

آمنہ مدرسہ کے ہر کھیل کود کے مقابلے کی زینت بڑھاتی اور ڈھیر سارے انعامات حاصل کر لیتی تھی، وہیں آسیہ کلاس میں ہر استاد کی آنکھوں کا تارا تھی اور ہر مضمون میں اول آتی تھی۔ وہ دونوں ایک دوسرے کی خوبیوں کی خوب تعریف کرتیں اور دل بڑھایا کرتیں۔ اس طرح دونوں کی پڑھائی جاری رہی، اور اس کے ساتھ ساتھ ان کی دوستی بھی خوب پروان چڑھتی گئی۔ آگے چل کر آمنہ نے اپنے اسکول، والدین اور شہر کا نام، اسپورٹس کے حوالے سے روشن کر دیا اور آسیہ بھی تعلیم کے زینے کامیابی سے طے کرتے ہوئے ڈاکٹر بن گئی۔

پیارے بچّو! دنیا میں سب سے پہلے مساوات کا سبق اسلام نے دیا، ہمارے نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ نے اپنے فعل و عمل سے مساوات کی عظیم مثالیں قائم کیں۔ ہمیں بھی چاہئے کہ اس طرز عمل کو اپناتے ہوئے ہر انسان کے ساتھ مساوات کا سلوک کریں ۔ دیکھا آپ نے ان دو الگ الگ طبقوں سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں نے کس طرح اسلامی تعلیمات کا عملی نمونہ بن کر دین و دنیا میں عزت پائی! اسی طرح آپ بھی یہ عزم کر لیجئے کہ مساوات پر چل کر کامیابی حاصل کریں گے۔

نصابی کمیٹی

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

ثروت = دولت مندی
نسل = خاندان
حسب نسب = ماں باپ کا خاندانی سلسلہ
مساوات = برابری
ہدایت = رہ نمائی
علمبردار = علَم یعنی جھنڈا اٹھائے یا لئے ہوئے چلنے والا
اوجھل = غائب ،دور
فعل و عمل = کہنا اور کرنا
مابین = درمیان
نامی گرامی = مشہور، معروف
نیک طینت = نیک فطرت، نیک نیت
روڑا = کنکر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II: ان سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) مساوات کسے کہتے ہیں؟

۲) اسلامی تاریخ میں چھوٹے بڑے واقعات کس بات کا اعلان کرتے ہیں؟

۳) آمنہ اور آسیہ کی دوستی کیسی تھی؟

۴) ان دونوں کی تربیت کیسی ہوئی تھی؟

۵) آمنہ اور آسیہ نے کس طرح اپنے والدین اور اساتذہ کا نام روشن کیا؟

III: ان الفاظ کو لکھنے کی مشق کیجئے۔

دولت وثروت ، رنگ ونسل، حسب نسب

IV: خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

۱) آمنہ کے والد نامی گرامی.....تھے۔

۲) آسیہ کے ابو ایک.....تھے۔

۳) آمنہ اور آسیہ.....پر چل کر سرخرو ہوئیں۔

۴) وہ دونوں.....تھیں۔

V: مندرجہ ذیل محاوروں کے معنیٰ اپنے استاد سے دریافت کیجئے، اور عام طور پر استعمال ہونے والے کوئی دو محاورے اپنی بیاض میں لکھئے۔

جی باغ باغ ہونا، نو دو گیارہ ہونا

VI: ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

مسرت، عمل، نیک، روشن، محنت، کامیاب

VII: ان الفاظ کی واحد لکھئے۔

حقوق، قالب، واقعات، مثالیں، مقابلے، انعامات، مضامین

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

X5R4B9

سبق:16

جانوروں کا جلسہ

جنگلی جانوروں کے نام اور اُن کی آواز سے واقف کرانا



جشن ہوا جنگل میں اک دن　　جانور آئے سارے ان گن
اچھلے کودے ناچے گائے　　جنگل والے شور مچائے
ٹرٹر کرتا مینڈک آیا　　ساتھ گلہری کو بھی لایا
طوطے ٹیں ٹیں کرتے آئے　　کوئے کائیں کائیں گائے
چڑیاں چہکیں، کوئل کوکی　　بلبل میٹھی لے میں بولی
بلی آئی رعب جمائے　　اپنی میاؤں، سب کو سنائے
سونڈ اُٹھائے ہاتھی آیا　　اتنے میں شیر کہیں سے دھاڑا
بھاگ گئے سب ڈر کے مارے
سونے والے دہقاں جاگے

شاکرہ بیگم صبا

NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

۱) جشن = خوشی کا جلسہ ۔ محفل

۲) شور = غل ۔ دھوم

۳) رعب = دھاک ۔ ڈر

۴) دھاڑنا = شیر کی آواز ۔ شیر کی گرج

۵) دہقاں = دیہات یا گاؤں کا باسی

۶) ان گن = لاتعداد ۔ بے شمار

II: درج ذیل سوالات کے جواب لکھئے۔

۱) ایک دن جنگل میں کیا ہوا؟

۲) جانور جنگل میں کیسے آئے؟

۳) جلسے میں مینڈک کس طرح آیا؟

۴) بلّی نے سب پر اپنا رعب کس طرح جمایا؟

۵) شیر کی دھاڑ نے کس کو جگا دیا اور کون بھاگ نکلے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عملی کام

I: درج ذیل ہم قافیہ الفاظ کی زبانی مشق کروائیے:۔

جشن	گائے	مچاتے	کوکی	لایا	مارے
ان گن	جمائے	سناتے	بولی	آیا	جاگے

II: مناسب حروف ’’ ٹ ڈ ڑ ‘‘ کی مدد سے الفاظ مکمل کروایئے:

جیسے:۔ ٹ ر ٹ ر

۱) م ی ن.....ک

۲) س و ن.....

۳) د ھا.....ا

III: ایک مصرعہ کہہ کر بچوں سے دوسرا مصرعہ کہلوائیں:

۱) جشن ہوا جنگل میں اک دن .....

۲) ٹر ٹر کرتا مینڈک آیا .....

۳) چڑیاں چہکیں کوئل کوکی .....

۴) سونڈ اٹھائے ہاتھی آیا .....

IV: ان جانوروں اور پرندوں کی آوزوں کو پہچانیں اور جوڑیں:

۱)	بلّی	دھاڑنا
۲)	کوئل	میاؤں میاؤں
۳)	کوّا	کوکی
۴)	شیر	کائیں کائیں

V: اِن الفاظ کے مترادفات لکھئے:

دن ، جنگل ، اَن گِن ، ڈر ، دہقان

VI: ان الفاظ کے مونث لکھئے:

شیر ، ہاتھی ، چڑا

☆☆☆


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

F6N7H1

سبق:17

سرسید احمد خاں

جذبۂ خیر سگالی، باہمی مساوات تحمل اور بُردباری کی اقدار کو سمجھنا



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرسید احمد خاں نے 1817ء کو دلّی کے ایک معزز گھرانے میں آنکھیں کھولیں۔ سرسید کا اصلی نام سید احمد تھا اور ''سر'' کا خطاب انہیں سرکار سے ملا تھا۔ سرسید کی ابتدائی تعلیم ان کی والدہ اور نانا کی سرپرستی میں گھر پر ہوئی۔ سرسید کی والدہ نہایت سلیقہ مند خاتون تھیں۔ انہوں نے سرسید کی تربیت کچھ اس ڈھنگ سے کی کہ قوم وملت کا جذبہ ان کی زندگی کا نصب العین بن گیا۔ اور ساری عمر سرسید نے قوم وملت کی خدمت میں گزار دی۔

سرسید کی تعلیمی وتہذیبی بصیرت نے ملّت کو جہالت کے اندھیرے سے نکال کر مہذب طور پر جینے کا ہنر سکھایا۔ انہوں نے مخالفتوں کی پروا کئے بغیر انگریزی تعلیم پر اصرار کیا اور وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اپنی قوم کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے راغب کیا۔ ملّت میں تعلیمی بیداری پیدا کر کے اس کی ذہنی پسماندگی کو دور کیا۔

سرسید نے پہلی جنگ آزادی کے بعد ''اسباب بغاوت ہند'' کے نام سے ایک رسالہ لکھ کر ان تمام الزامات کو ردّ کیا جو انگریز سرکار نے ہندوستانیوں پر عائد کئے تھے۔ سرسید نے خود حکومت کی ملازمت میں رہ کر جس دلیری و حقیقت پسندی کا ثبوت دیا اسے دیکھ کر انگریز حکمران مبہوت ہو گئے۔

سرسید ہی کی سفارشات کو منظور کرتے ہوئے انگریزی حکومت نے ہندوستانیوں کو لیجس لیٹو کونسل میں شریک کیا اور عدلیہ کے اعلیٰ عہدوں پر بھی انہیں فائز کیا۔ اس کے علاوہ سرسید کی مجاہدانہ کوششوں کی بدولت وائسرائے کونسل میں بھی تین ہندوستانیوں کو جگہ ملی۔ اس طرح ہندوستانیوں کو ایک وقار نصیب ہوا۔

سرسید اپنے وقت کے بہت بڑے لبرل رہنما تھے جنہوں نے یہ کہا تھا کہ ''میں ہندوستان کو ایک دلہن سمجھتا ہوں، ہندو اور مسلمان دونوں قومیں اس دلہن کی دو آنکھیں ہیں۔ دلہن کی خوبصورتی تبھی برقرار رہے گی جب اُس کی دونوں آنکھیں صحیح سلامت ہوں۔''

I: پڑھیے اور سمجھیے۔

معزّز = عزّت دار، شریف

رسالہ = نامہ، مکتوب، چھوٹی سی کتاب، میگزین

سر = انگریز سرکار کا ایک خطاب

ملازمت = نوکری

سرپرستی = امداد، حمایت

دلیری = بہادری، شجاعت، بے باکی

سلیقہ مند = تمیز والا، شعور والا، لیاقت رکھنے والا

مبہوت = حیران، متحیر

نصب العین = اصلی مقصد، اصول

عدلیہ = عدل و انصاف کا شعبہ، عدالتی نظام

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بصیرت = بینائی، دل کی بینائی، عقلمندی، دانائی

مجاہدانہ = کوشش کرنا، جدوجہد کرنا، جان فشانی کرنا

ذلّت = رسوائی، توہین، بدنامی

گنجائش = ٹھکانہ، جگہ، سمائی، حوصلہ

مہذّب = تہذیب یافتہ، نیک خصلت

وقار = قدرومنزلت، بھاری بھرکم

بیداری = ہوشیاری، عقل

لبرل = آزادخیال، سب کا بھلا چاہنے والا

عائدکرنا = جاری کرنا، ذمّے کرنا، سپرد کرنا

اصرار = تاکید

فائز = پہنچانا، کامیاب بنانا

راغب = مائل کرنا

پچھڑاپن = پیچھے رہنا، پسماندگی

لیجس لیٹیو کونسل = صوبے یا ملک کی قانون ساز مجلس جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں۔

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱) سرسید احمد خاں کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

۲) سرسید کا اصلی نام کیا تھا؟

۳) سرسید احمد خاں کی ابتدائی تعلیم کیسے ہوئی؟

۴) سرسید احمد خاں نے ساری عمر کس طرح گزاری؟

۵) سرسید کی تعلیمی و مذہبی بصیرت نے ملت کو کیا سکھایا؟

۶) سرسید نے پہلی جنگ آزادی کے بعد کونسا رسالہ لکھا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۷) انگریز حکمران کیوں مبہوت ہو گئے؟

۸) ہندوستانیوں کو کس کونسل میں شریک کر لیا گیا؟

۹) کس طرح ہندوستانیوں کو ایک وقار نصیب ہوا؟

III: مناسب لفظ چُن کر جملہ مکمل کیجئے۔

۱) آپ کی حقیقت پسندی کو دیکھ کر انگریز حکمران..... ہو گئے۔

(مبہوت، کمزور، لایق)

۲) اپنی قوم کو ..... حاصل کرنے پر راغب کیا۔

(جذبہ، تعلیم، ہنر)

۳) ہندوستانیوں کو..... کے اعلیٰ عہدوں پر بھی فائز کیا۔

(محکمہ، عدلیہ، انتظامیہ)

۴) سرسید کی بصیرت نے ملت کو ..... طور پر جینے کا ہنر سکھایا۔

(قومی، آزادانہ، مہذّب)

۵) آپ اپنے وقت کے بہت بڑے..... رہنما تھے۔

(رورل، لبرل، معقول)

عملی کام

I: ان جملوں کو لکھئے۔

۱) والدہ نہایت سلیقہ مند خاتون تھیں۔

۲) اسباب بغاوت ہند کے نام سے رسالہ لکھا۔

۳) دلیری و حقیقت پسندی کا ثبوت دیا۔

۴) میں ہندوستان کو ایک دلہن سمجھتا ہوں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۵) سرسیّد نے حقیقت پسندی کا ثبوت دیا۔

II: مندرجہ ذیل جملوں کے آگے صحیح یا غلط کا نشان لگوائیں۔

۱) سرسید کی ابتدائی تعلیم ان کے والد کی سرپرستی میں گھر پر ہوئی۔ ( )

۲) سرسید نے ''اسباب بغاوت ہند'' رسالہ لکھا۔ ( )

۳) ہندوستانیوں کو لیجسلیٹیو کونسل میں شریک کیا۔ ( )

۴) اپنی قوم کو ہنرمندی کی طرف راغب کیا۔ ( )

۵) ہندو مسلمان دونوں قومیں اس دلہن کی دو آنکھیں ہیں۔ ( )

III: نیچے دئے گئے الفاظ کے ساتھ لاحقہ ''مند'' لگا کر نئے الفاظ بنائیے۔

مثال: سلیقہ + مند = سلیقہ مند

دولت + ... = ...

حوصلہ + ... = ...

فکر + ... = ...

IV. ''خطاب'' کو قواعد کی رو سے کیا کہتے ہیں، واضح کیجئے۔

V: ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

ملّت، ذلت، خدمت، مخالفت، رسالہ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:18

شہرِ میسور



محلوں کا شہر کہئے باغوں کا شہر کہئے
میسور شہر اپنا شاہوں کا شہر کہئے
ریشم کا شہر کہئے پھولوں کا شہر کہئے
دارالسرور ہے یہ خوشیوں کا شہر کہئے

جا گا تھا بخت حید روہ سر زمیں یہی ہے ٹیپو تھا سایہ گستر وہ سر زمیں یہی ہے
تھے حکمران وڈیروہ سر زمیں یہی ہے ہے دسہرے کی مظہر وہ سر زمیں یہی ہے

اخلاص سے مزین لوگوں کا شہر کہئے
خوش آمدید کہتی گلیوں کا شہر کہئے

NOT TO BE RE @ PUBLISHED

مشہور زو یہاں کا جو دید کے ہے قابل　　کے آر یس کا منظر جس سے سرور حاصل
رنگین و ہ فوارے تفریح کے منازل　　شری رنگ پٹن میں ٹیپو کی یادگاریں شامل
کاویری کا بینی کے سنگم کا شہر کہئے
علم و ہنر کے کھلتے پرچم کا شہر کہئے

چامنڈی کا وہ منظر ہے رات میں نرالا　　گویا چمکتے تارے اترے ہیں اس پہ یکجا
چوٹی پہ اس کی جو ہے اک محل جگمگاتا　　گویا پہاڑ نے ہے اک تاج پہن رکھا
صندل کا شہر کہئے ریشم کا شہر کہئے
جنگل ہیں لکڑیوں کے شیشم کا شہر کہئے

ہر سمت روشنی ہے پرنور شہر کہئے　　آب و ہوا ہے خوش کن مسرور شہر کہئے
کرناٹکا میں بے حد مشہور شہر کہئے　　سب کے دلوں کو بھاتا میسور شہر کہئے
نایابؔ خاصیت کا مذکور شہر کہئے
ہے حسن جس میں سارا مستور شہر کہئے

نیلوفر نایابؔ

I۔ پڑھئے اور یاد رکھئے:

مظہر : ظاہر کیا ہوا	اخلاص : خلوص
مزین : آراستہ	دید : دیکھنا

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سرور : خوشی	تفریح : سیر
نایاب : نادر، ناپید	پرچم : جھنڈا
نرالا : انوکھا، عجیب	یکجا : ایک جگہ جمع ہونا
سمت : طرف، جانب	شیشم : قیمتی کالی لکڑی
مستور : چھپا ہوا	سنگم : جہاں دو ندیاں ملتی ہیں، ملاپ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مرکبات:

دارالسرور : خوشی کا گھر

خوش کن : خوش کرنے والے

بخت حیدر : حیدر کا نصیب (حیدر علی کی طرف اشارہ)

سایہ گستر : سایہ میں لئے ہوئے

II۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے:

(۱) محلوں اور باغوں کا شہر کسے کہتے ہیں؟

(۲) سری رنگ پٹن میں کس کی یادگاریں موجود ہیں؟

(۳) کاویری ندی پر کون سا باندھ باندھا گیا ہے؟ اور وہ کس لئے مشہور ہے؟

(۴) شاعرہ نے چامنڈی پہاڑ کی منظر نگاری کس طرح کی ہے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

(۵) شہر میسور میں قابل دید مقامات کون سے ہیں؟

(۶) میسور کی آب وہوا کیسی ہے؟

III. درج ذیل ہم وزن الفاظ کی مشق کروائیں:

محلوں،	باغوں،	شاہوں،	پھولوں	
حیدر،	گستر،	وڈیر،	مظہر	
قابل،	حاصل،	منزل،	شامل	
سنگم،	پرچم،	ریشم،	شیشم	
مذکور،	مسرور،	مشہور،	میسور،	مستور

IV۔ بے ترتیب حروف کو جوڑ کر مکمل لفظ لکھئے:

مثال: ش رہ = شہر

۱	ال ص اخ		۶	م چ پ ر	
۲	وے ی ک را		۷	ی ن ش رو	

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۳	رہ اس د		۸	ٹ ن را ک ک ا	
۴	ح رف ے ت		۹	ج ا ت	
۵	ن د ص ل		۱۰	ا ہ ڑ پ	

V۔ ان الفاظ کی ضد لکھئے:

شہر، اپنا، جاگنا، زمین، مشہور، رات، روشنی

VI۔ ان الفاظ کی جمع لکھئے:

منظر، منزل، فوارہ، علم، جنگل

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:19

ہم ایک رہیں گے

جذبہء قومی یکجہتی پیدا کرنا

ہر سمت سے آتی ہے ندا، ایک رہیں گے ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے
گر آئے مصیبت کوئی، ہرگز نہ ڈریں گے ایک ساتھ رہیں، ساتھ جئیں، ساتھ مریں گے
چاہیں گے کسی کا نہ بُرا، ایک رہیں گے ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے
ہر حال میں ہم امن کا، پرچار کریں گے
انسان ہیں انسان سے ہم، پیار کریں گے

ہرگز نہ کبھی ہوں گے جدا ،ایک رہیں گے ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے
گنگا کا کنارا ہو کہ، جمنا کا کنارا دیتا ہے پتہ، پرچم قومی یہ ہمارا
ہے اپنا یہ پیغام وفا، ایک رہیں گے
ہم ہند کے باسی ہیں ،سدا ایک رہیں گے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

سمت = رخ

نِدا = آواز

سدا = ہمیشہ

امن = سکون، چین

پرچار = تبلیغ کرنا، پھیلانا

پیغام = پیام، دعوت دینا

وفا = عہد بجالانا، عہد پورا کرنا

باسی = رہنے والے

پرچم = جھنڈا، (وہ کپڑا جو ڈنڈے پر باندھا جاتا ہے)

گنگا = ندی

جمنا = ندی

II: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

1) ہر سمت سے کیا ندا آتی ہے؟

2) ہر حال میں ہم کس بات کا پرچار کریں گے؟


3) ہمارا قومی پرچم کس بات کا پتہ دیتا ہے؟

4) ہم کس ملک کے باسی ہیں؟

5) اگر کوئی مصیبت آئے تو ہم کیا کریں گے؟

6) ہمارا پیغام کیا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



III: نظم کے قافیوں کو نیچے دی گئی پتیوں پر لکھئے۔

کریں ، مریں ،

کنارا ، ہمارا ،

گنگا ، جمنا ،

پرچار ، پیار

عملی کام

I: ان اشعار کو بچّوں سے لکھوایئے۔

۱) ہر سمت سے آتی ہے ندا، ایک رہیں گے
ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے

۲) چاہیں گے کسی کا نہ بُرا، ایک رہیں گے
ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے

۳) ہے اپنا یہ پیغام وفا، ایک رہیں گے
ہم ہند کے باسی ہیں، سدا ایک رہیں گے

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

G5W2C1

سبق:20

ماحول کی حفاظت

ماحول کی حفاظت کا سلیقہ پیدا کرنا



NOT TO BE REPUBLISHED

بارش کا موسم تھا۔کلاس روم میں بچّے بھیگے بستے اور کپڑوں میں دبکے بیٹھے تھے۔مونگ پھلی کے چھلکے اور بھٹے کے ٹکڑے، زمین پر بکھرے ٹیڑھے میڑھے پیپر کے گولے، بسکٹ اور چاکلیٹ کے ریپر اور اُس کے ساتھ پنسل کا برادہ، ماحول کو آلودہ کر رہے تھے۔

کلاس میں داخل ہوتے ہی استاد نے ناک سکوڑتے ہوئے ناراضگی کا اظہار کیا۔کتاب میز پر رکھی اور بچّوں کے درمیان آ گئے۔انہوں نے پوچھا عامر! بتاؤ تو سہی کیا تم گھر میں بھی ایسی گندگی پھیلاتے ہو؟ استاد صاحب کے دوٹوک سوال پر عامر نے کہا ''میری امّی جان کو گندی عادتیں بالکل پسند نہیں۔جوتے، بستہ، یونیفارم، سب ٹھیک جگہ پر رکھ کر ہاتھ پیر منہ ڈیٹول صابن سے اچھی طرح دھونا پڑتا ہے۔تب کہیں امّی کے قریب جاتا ہوں۔'' استاد بولے ''بہت خوب! اچھا ذرا یہ بتاؤ کہ تمہارے محلے میں پارک ہے جہاں

تم جا کر کھیلتے ہو؟ کیا وہاں ایسی گندگی رہتی ہے۔'' ''نہیں سر وہاں کے چوکیدار چاچا اتنا موٹا ڈنڈا رکھتے ہیں اور ہمیشہ آوارہ کتّوں اور گھس آنے والے جانوروں کو بھگاتے رہتے ہیں۔'' ماسٹر جی نے بڑی شفقت بھرے انداز میں سب کو سمجھایا۔ ''اللہ میاں نے جنگل، پہاڑ، ندی، سمندر، آبشار، خوبصورت پیڑ پودے، ہوا، پانی جیسی بے شمار نعمتیں ہمیں عطا کی ہیں، ان سب کا صحیح استعمال اور حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔''

اللہ نے جو قدرتی نظام بنایا ہے وہ ہمارے ماحول کو پاک وصاف اور خوشگوار رکھنے میں مددگار ہے۔ پیڑ پودے ہمیں صاف ہوا مہیا کرتے ہیں۔ قدرتی جنگل آب وباراں پیدا کرتے ہیں۔ پیڑ پودوں اور جانوروں سے ہماری زندگی کو تمام سہولیات ملتی ہیں۔ جنگلی جانور اور پالتو جانور قدرتی ماحول کو برقرار رکھنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح دریا سمندر اور پہاڑ بھی ہمارے لئے فائدہ بخش ہیں۔ ان سے نایاب اور انمول موتی ملتے ہیں۔ مگر ہماری خود غرضی نے قدرتی ماحول کو بربادی کے دہانے پر لا کھڑا کر دیا ہے۔

ہماری خوشگوار زندگی کے لئے اطراف واکناف کے ماحول کا پاک وصاف ہونا بہت ضروری ہے۔ ماحول کی آلودگی سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔ آج آبی آلودگی، صوتی آلودگی اور ہوائی آلودگی نے ساری دنیا کے قدرتی ماحول کو بگاڑ رکھا ہے۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ اپنے ماحول کے تحفظ کا احساس پیدا کرلیں۔ اپنے کلاس روم، اسکول، گھر، محلے اور شہر کی صفائی اور ستھرائی کی طرف توجہ دیں تو یہ ہمارے لئے اچھا ہوگا۔ تمام بچوں نے استاد کی ان معلوماتی باتوں کو غور سے سنا اور ان پر عمل کرنے کا عہد کرتے ہوئے گھر لوٹے۔

نصابی کمیٹی

I: پڑھئے اور سمجھئے۔

سکوڑنا = سمٹ جانا

دوٹوک = بلا جھجک

خوشگوار = اچھّا ماحول (پسندیدہ ماحول)

نایاب = قیمتی، نادر

انمول = جس کی کوئی قیمت نہ ہو، قیمتی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

خودغرضی = جس میں اپنی غرض یا مطلب شامل ہو

توازن = ہم پلّہ، وزن کو برقرار رکھنا

آلودگی = گندگی

عہد = وعدہ، پیمان

باراں = بارش

صوتی آلودگی = آواز کی آلودگی، شور

II: ان سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱) کلاس میں داخل ہوتے ہی استاد نے کس طرح ناراضگی کا اظہار کیا؟

۲) استاد نے عامر سے کیا پوچھا؟

۳) عامر اپنی امی کے قریب کب جاتا ہے؟

۴) ماسٹر جی نے شفقت بھرے انداز میں کیا سمجھایا؟

۵) پیڑ پودے ہمیں کیا مہیّا کرتے ہیں؟

۶) قدرتی ماحول کو برقرار رکھنے میں کون اہم رول ادا کرتے ہیں؟

۷) دریا اور سمندر سے ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے؟

۸) ماحول کی آلودگی سے کیا ہوتا ہے؟

۹) ساری دنیا کے قدرتی ماحول کو کس نے بگاڑ رکھا ہے؟

III: صحیح حروف کی مدد سے ان الفاظ کو مکمل کیجئے۔

۱) انسا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (ن، ج، ل)

۲) ما۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ول (ب، ح، پ)

۳) قد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ت (ر، م، د)

۴) د.....ا (ل، ا، ر)

۵) آلو..... گی (ب، د، س)

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

IV: ان جملوں کی نقل کروایئے۔

۱) جنگلات کی حفاظت کیجئے۔

۲) صفائی کی طرف توجہ دیجئے۔

۳) اللہ نے بے شمار نعمتیں ہمیں عطا کی ہیں۔

۴) پیڑ پودے ہمیں پاک ہوا مہیا کرتے ہیں۔

۵) ماحول کی آلودگی سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔

قواعد

حرکات وسکنات۔اعراب

زیر	-	ـِ
زبر	-	ـَ
پیش	-	ـُ
تشدید	-	ـّ

مد	ـ	ـٓ
جزم	ـ	ـْ
تنوین	ـ	ـً

اعراب کو سمجھنے کے لئے درج ذیل الفاظ کو اپنے استاد/ استانی کی مدد سے صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھئے۔

ان الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھئے۔

حَرَم	قَابِل	آم	کَرم
مثلاً	اُجالا	متعدّی	فوراً

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ذخیرۂ الفاظ

الف	انقلاب	بانکپن	پڑوس	تعمیر	جھاڑی
آبشار	امبر	بغیر	پربت	ٹ	جشن
آقا	آفرین	برکت	پنکھ	ٹکنولوجی	جہاں
انوکھی	اعلان	برق	پکھیرو	ٹکر	چ
اونٹ	امرت	بصیرت	پرویا	ٹیلی ویژن	چندا
امن	ابتداء	بنیادی	ت	ث	چکیاں
آسان	الزام	بلبلیں	تیئں	ثروت	چمن
آلودہ	آن بان	بیداری	ترکیب	ثابت	چوکیدار
انجمن	آوارہ	بھونچکا	تسلیم	ثالث	چھیا
ان گنت	ایجاد	بیر	ترک	ثاقب	چھم چھم
اشارہ	اصول	بستے	تعلیم	ج	ح
آسمان	افسر	بندوق	تصوّر	جانور	حلقہ
ابو	آثار	پ	تاریک	جیلان	حسد
اطاعت	ب	پرہیز	تربیت	جرمانہ	حاکم
اشیاء	بال ہٹ	پولیس	تعینات	جانچ	حسن سلوک
اصرار	بہلانا	پاسبان	تیراندازی	جوئے بار	حرکت
آئینہ	باپ	پہلوان	تلوار بازی	جان وتن	حسین
استاد	بحال	پیغام	ترجیح	جنگجو	حفاظت
انمول	بزرگ	پاکیزہ	تعلقات	جگنو	حصار
حق	درخواست	پھلواری	زمین	سنگ	ضرب

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حکومت	دوجہاں	ذلّت	سنگھاسن	شوروشغب	طباق
حیرت	دل نشین	ذہنی پسماندگی	سرشار	شرمندہ	طمطراق
حسرت	دلیری	ر	سہولت	شان	ظ
خ	داستاں	ریپر	سفر	شگفتہ	ظروف
خوشگوار	دفعہ	رعب	سبزہ زار	ص	ظالم
خلل	دلہن	ریاضت	ستون	صدمہ	ظاہر
خزاں	دہقان	راہ ہدایت	سایہ	صدیاں	ظلم
خدا	دردِنہاں	رہنمائی	سلامت	صدری	ع
خوف	دروازہ	رحمت	سخاوت	صدقہ	عیادت
خواہش	دعوت	رگ وپے	سرپرستی	صحابہ	عہد
خطاب	دشوار	ریڈیو	سنتری	صحبت	عجیب
خدمت	دشمن	روشن	سادگی	ض	عزیز
خوبصورت	دنگ	ریل گاڑی	سرکار	ضامن	عزّت
خوف زدہ	ڈ	راغب	سلیقہ مند	ضو	عقل
خیبر	ڈنکا	رسالہ	سپہ گری	ضیافت	عدلیہ
د	ڈھنگ	رشک جناں	ش	ضد	عطا
دھرتی	ڈور	ز	شکایت	ط	عنفوان شباب
دربار	ڈفلی	زیبائش	شاہین	طبیعت	عہدہ
دریافت	ذ	زقند	شکار	طائر	عائد
عظیم	ذہین	زعم	شیرشاہی	طوطا	غ
عجوبہ	ذاکر	س	شجاعت	طلبہ	غم

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غرور	قرأت	گلشن	مشغولیات	نہارے	واقعہ
غالب	قاری	گودی	موسیقی	نظام	واقف
غاضب	ک	گند پھیلانا	مقبرہ	نایاب	وائسرائے
غور	کلہڑ	گائیڈ	مستغرق	نورتن	وقار
غرض	کاغذات	گھمانہ	مبہوت	نوازنا	وزن
ف	کثیف	ل	ملازم	نفع	ورق
فائز	کمال	لشکر	مذاق	نظرفریب	وقعت
فعل	کڑوی	لجسلیٹوکونسل	مینار	نثار	ہ
فضا	کرشمہ	لالچ	منڈیر	نیت	ہلال
فولاد	کارخانہ	لعنت	ملامت	نادان	ہدایت
فوج	کاری گری	لغت	مظاہر	نعمت	ہمسایہ
فقیر	کنیز	لکڑی	مرحب	نصیحت	ہمسفر
فرمان	کمپیوٹر	م	مقابلہ	نہایت	ہمراہی
ق	گ	منظور	مسرور	نصب العین	ی/ے
قدردانی	گہما گہمی	مطالعہ	مہذب	نشانہ	یقین
قصبہ	گونج	مہیا	مخالفت	و	یارانہ
قائل	گنجائش	مشقت	ملّت	وطن	یاد
قوی	گھڑسواری	مساوی	مجاہدانہ	وفا	یوم۔یکساں
قطب	گلستان	ن	مددگار	وقت	یکہ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED